آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 05 ستمبر 2020ء بمطابق 16 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 240

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	05:45
ظہر	1:35
عصر	6:00
مغرب	غروب آفتاب (07:25)
عشاء	8:45

اہل تشیع		
	فجر صبح	6:00
	ظہرین	1:00
	مغرین	08:00

بلوچستان کا اثاثہ یہاں کی اراضی محل وقوع اور قدرتی وسائل ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کے سٹریٹیجک پلان اور ریفارمز سیل کی جانب سے اجلاس کو بلٹ میں مجوزہ ترامیم سے متعلق بریفنگ دی گئی، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بل میں ایسی ترامیم شامل کی جائیں

سرمایہ کار اور نجی شعبہ کو شراکت داری کے لئے دوستانہ ماحول مل سکے، اگر ہم ایک سال میں پی پی پی موڈ کے تحت تین منصوبے بھی شروع کریں تو یہ ایک بڑی کامیابی ہوگی

جن کی ترقی نجی شعبہ کے ساتھ شراکت داری کے ذریعہ ممکن ہے، نجی شعبہ کو بلوچستان کی جانب راغب کرنے کے لئے زیادہ موثر، قابل عمل اور جامع حکمت عملی کی تیاری کی ضرورت ہے، جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کا اثاثہ یہاں کی اراضی، محل وقوع اور قدرتی وسائل ہیں جن کی ترقی نجی شعبہ کے ساتھ شراکت داری کے ذریعہ ممکن ہے، نجی شعبہ کو بلوچستان کی جانب راغب کرنے کے لئے زیادہ موثر، قابل عمل اور جامع حکمت عملی کی تیاری کی ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ترامیمی بل 2020ء سے متعلق دی جانے والی بریفنگ کے دوران کیا، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری اطلاعات بھی اجلاس میں شریک تھے جبکہ محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کے سٹریٹیجک

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ترامیمی بل 2020ء کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آج تک فوج کیساتھ تنازع کی کوئی وجہ ہوئی اور نہ ہوگی، وزیراعظم

کچھ لوگوں کی خواہش ہے میرے فوج کے ساتھ تعلقات خراب ہوں، آئندہ چند دنوں میں انتظامی معاملات سے متعلق مثبت نتائج سامنے آئیں گے، پنجاب میں بڑے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائی کی ہدایت کی ہے

حزب اختلاف کے پاس کرنے کو کچھ نہیں، اے پی سی مصروفیت کا بہانہ ہوسکتا ہے، وزیراعلیٰ عثمان بزدار ہر بڑے فیصلے پر رابطے میں رہتے ہیں، آئندہ چند دنوں میں انتظامی معاملات سے متعلق مثبت نتائج سامنے آئیں گے

جہانگیر کے مستقبل کا فیصلہ متعلقہ ادارے تحقیقات کی صورت میں کریں گے، سعودی عرب کے ساتھ تعلقات معمول کے مطابق اچھے انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں، اپنے انداز سے اپنا کام کررہا ہے، چاہتے ہیں نیب میگا سکینڈلز کو بہتر انداز سے منطقی انجام تک پہنچائے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کچھ لوگوں کی بڑی خواہش ہے کہ میرے فوج کے ساتھ تعلقات خراب ہوں، تاہم آج تک فوج کے ساتھ تنازع کی کوئی وجہ ہوئی اور نہ مستقبل میں کوئی آثار ہیں، حزب اختلاف کے پاس کرنے کو کچھ نہیں، اے پی سی مصروفیت کا بہانہ ہوسکتا ہے، وزیراعلیٰ عثمان بزدار ہر بڑے فیصلے پر رابطے میں رہتے ہیں، آئندہ چند دنوں میں انتظامی معاملات سے متعلق مثبت نتائج سامنے آئیں گے، جہانگیر کے مستقبل کا فیصلہ متعلقہ ادارے تحقیقات کی صورت میں کریں گے، سعودی عرب کے ساتھ تعلقات معمول کے مطابق اچھے انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں، اپنے انداز سے اپنا کام کررہا ہے، چاہتے ہیں نیب میگا سکینڈلز کو بہتر انداز سے منطقی انجام تک پہنچائے۔ جمعہ کو نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے صوبائی اسمبلی بلوچستان کے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ ملاقات کررہے ہیں

ریفائنری کالونی میں کاٹیجز کو ریگولرائز نہیں کیا جائے گا، رکن قومی اسمبلی

ہمارے ساتھیوں کی جدی پشتی زمینوں کو سرکاری زمین ظاہر کرکے لوگوں کی چاردیواریاں مسمار کی جارہی ہیں، محمد اسلم بھوتانی

حب (این این آئی) لسبیلہ گوادر سے آزاد رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے صوبائی حکومت بالخصوص وزیراعلیٰ کے احکامات پر لسبیلہ کی ضلعی انتظامیہ کی طرف سے مقامی لوگوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے ایک بیان میں رکن قومی اسمبلی محمد

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کا دورہ، کراچی ٹرانسفارمیشن پلان میں 802 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا جائے گا

کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے لیے 723 ارب 25 کروڑ روپے درکار ہوں گے، منصوبوں کے لیے رواں سال بجٹ صرف 32 ارب روپے مختص

کراچی (این این آئی) کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات منظر عام پر آگئیں دستاویزات کے مطابق کراچی ٹرانسفارمیشن پلان میں 802 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا جائے گا، کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے لیے 723 ارب

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

6 ارب ڈالر کیلئے فیٹف کے قوانین پر آنکھیں بند کرکے ٹھپہ لگانے والے قوم کے مجرم ہیں، سراج الحق

اربوں لوٹ کر باہر منتقل کرنے والے بااثر کو بے نقاب کرنے اور ان کے گریبانوں میں ہاتھ ڈالنے کی ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ 6 ارب ڈالر کیلئے فیٹف کے قوانین پر آنکھیں بند کرکے ٹھپہ لگانے والے قوم کے مجرم ہیں، یہاں سے اربوں لوٹ کر باہر منتقل کرنے والے بااثر کو بے نقاب کرنے اور ان کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آگیا، ضلع پشین میں 34 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آگیا، ضلع پشین میں 34 ماہ کے بچے میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں گیس سلنڈر کا دھماکہ خاتون سمیت چار افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس سلنڈر کا دھماکہ خاتون سمیت چار افراد زخمی، پولیس کے مطابق جمعہ کو

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوہلو میں گیس کمپنی کے ڈمپر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی، شہریوں کا احتجاج

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں گیس کمپنی کے ڈمپر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی تفصیلات کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی حکومتی اتحادی جماعتوں کا مشترکہ اجلاس آج ہوگا، سینٹ کے ضمنی انتخاب کے متفقہ امیدوار کا فیصلہ کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی حکومتی اتحادی جماعتوں کا مشترکہ اجلاس آج ہوگا سینٹ کے ضمنی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ ولیجیٹ کے قریب بم دھماکے میں تین افراد زخمی ہوگئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ ولیجیٹ کے قریب بم دھماکے میں تین افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق جمعہ کے روز نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ ولیجیٹ کے قریب بم دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں تین افراد زبیر احمد ولد حاجی شیرزادہ، مقبول احمد

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری سے سابق سینیٹر روشن خورشید بروچہ ملاقات کررہی ہیں

نوجوانوں کو کتب بینی کی جانب راغب کرنے کے لیے آئندہ ہفتے تک پبلک لائبریری کو مکمل طور پر فعال بنا دیا جائیگا، اسسٹنٹ کمشنر بلال شبیر

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر بلال شبیر نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو کتب بینی کی جانب راغب کرنے کے لیے آئندہ ہفتے تک پبلک لائبریری کو مکمل طور پر فعال بنا دیا جائیگا لائبریری کے انتظامات سنبھالنے اور دیکھ بھال کے لیے ایک کمیٹی بھی بنائی جائے گی اسسٹنٹ کمشنر بلال شبیر نے گزشتہ روز چیف آفیسر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا اولین ترجیح ہے، نعیم خان بازئی

صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے امن وامان کی بحال ہے امن کے قائم ہونے سے کھیلوں کو دوام دیا جاسکتا ہے

عوام کا نمائندہ ہوں نوجوانوں کا غیر نصابی سرگرمیوں، کھیلوں کی جانب سے رغبت اچھا اقدام ہے صوبائی مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ملک نعیم خان بازئی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا اولین ترجیح ہے عوام کا نمائندہ ہوں نوجوانوں کا غیر نصابی سرگرمیوں، کھیلوں کی جانب سے رغبت اچھا اقدام ہے ان کرکٹ ٹورنامنٹ کیلاک کے فائنل کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے امن وامان کی بحال ہے امن کے قائم ہونے سے کھیلوں کو دوام دیا جاسکتا ہے کیونکہ ایک اچھے صحت مند معاشرے کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

تشویش ناک بات ہے کہ وائٹ سول ایوارڈ لینے سے معذرت کررہے ہیں، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ اور پیپلز پارٹی کے رہنما رضا ربانی نے کہا ہے کہ یہ بات

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

عمران صاحب سیلاب کے بعد اگلے دن ہی آپ کو کراچی جانا چاہیے تھا، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیراعظم کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

وزیراعظم نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں سے کیا وعدہ پورا کردیا، اوورسیز پاکستانیوں کو الیکشن لڑنے کا حق مل گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں سے کیا وعدہ پورا کردیا، اوورسیز

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کا شہریوں کی شکایات کے مؤثر حل کیلئے ماہانہ اجلاس بلانے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے شہریوں کی شکایات کے مؤثر حل کیلئے ماہانہ اجلاس

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

تعلیمی اداروں کو کھولنے سے متعلق حتمی مشاورت 7 ستمبر کو ہوگی، شفقت محمود

15 ستمبر سے لے کر 30 ستمبر تک اسکولوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بتدریج کھولنے کی تجویز زیر غور ہے، حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے پرائمری اسکول 30 ستمبر سے کھولے جائیں گے، وزیر تعلیم

کوئی شک نہیں کہ کرونا بیماری ابھی موجود ہے، کسی بے احتیاطی کے نتیجے میں دوبارہ بھڑک سکتی ہے، تعلیمی اداروں کو بند کرنے کا فیصلہ سب سے اہم تھا، ڈاکٹر فیصل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ 15 ستمبر سے لے کر 30 ستمبر تک اسکولوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بتدریج کھولنے کی تجویز زیر غور ہے جس کے تحت حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے پرائمری اسکول 30 ستمبر سے کھولے جائیں گے، تعلیمی اداروں کو کھولنے سے متعلق حتمی مشاورت 7 ستمبر کو ہوگی جس میں اس تجویز پر غور کیا جائے گا۔ جمعہ کو معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو کھولنے سے متعلق حتمی مشاورت 7 ستمبر کو ہوگی جس میں اس تجویز پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پارٹی میں اختلاف رائے جمہوری اقدار کی پاسداری کی ضمانت ہے، صوبائی وزراء

صوبے میں پہلی مرتبہ تمام علاقوں کو برابری کی بنیاد پر فنڈز فراہم کئے گئے ہیں پشتون آباد اور گردونواح کے مسائل حل کئے جائیں گے

پارٹی عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنے پر یقین رکھتی ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران، حاجی اکبر آسکانی، نور محمد دمڑ اور سردار نور احمد بنگلزئی کی صحافیوں سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزراء اور بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پارٹی میں اختلاف رائے جمہوری اقدار کی پاسداری کی ضمانت ہے پارٹی عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنے پر یقین رکھتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر میڑھ لیکر حاجی نصیب اللہ اچکزئی کے گھر آئے ہیں انکے تحفظات دور اور علاقے کے مسائل حل کئے جائیں گے میڑھ کی درخواست پر استعفیٰ واپس لینے پر حاجی نصیب اللہ اچکزئی کے شکر گزار ہیں۔ یہ بات صوبائی وزیر خوراک سردار عبدالرحمن کھیتران، صوبائی وزیر فشریز حاجی اکبر آسکانی، صوبائی وزیر داسانو محمد دمڑ، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما سردار نور احمد بنگلزئی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی نصیب اللہ اچکزئی کی رہائش گاہ پر علاقے کے معززین اور صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس سے قبل صوبائی وزراء اور پارٹی رہنماؤں کے وفد نے حاجی نصیب اللہ اچکزئی کے تحفظات کو سنا اور انہیں انکے مسائل کے حل کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے تمام گیٹ ویز سمیت 100 سٹیز کی تعمیر وترقی وخوبصورتی کے لئے ماسٹر پلان تیار کیا جارہا ہے، دھنیش کمار پلیانی

صوبہ ترقی طرف گامزن، این ایف سی ایوارڈ میں بھی بلوچستان کے حصے کو بڑھایا گیا ہے جس سے نمٹنے اور احتجاجی مسائل کے حل میں مدد ملے گی، مشیر وزیراعلیٰ

حب (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان نواب جام کمال خان عالیانی کے مشیر برائے تخلیق امور و بین المذاہب ہم آہنگی دھنیش کمار پلیانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام گیٹ ویز سمیت 100 سٹیز کی تعمیر وترقی وخوبصورتی کے لئے ماسٹر پلان تیار کیا جارہا ہے جس میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

میئر اجینا نا عوام کے ساتھ ہے مشکل گھڑی میں عوام کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، بلاول بھٹو

میونسپل ڈزاسٹر مینجمنٹ (این ڈی ایم اے) مطلوبہ تعاون نہیں کررہا تو بھی آپ کو متاثرہ علاقوں میں ریلیف اینڈ رہیبلیٹیشن کو یقینی بنانا ہوگا

متاثرین کو ریلیف اور متاثرہ علاقوں کی از سر نو بحالی کے کام کے لیئے تمام دستیاب وسائل کو بلا تاخیر بروئے کار لایا جائے، صوبائی وزرا کو ہدایت

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میرا جینا مرنا عوام کے ساتھ ہے، مشکل گھڑی میں عوام کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ جمعہ کو پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ٹلہر میں شدید بارشوں سے متاثر علاقوں کے دورے کے سلسلے میں سموں گوٹھ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، پی پی پی سندھ کے صدر نثار احمد کھڑو، صوبائی وزراء ناصر حسین شاہ، سعید غنی، وزیراعلیٰ کے معاونین خصوصی وقار مہدی اور راشد ربانی، مشیر مرتضیٰ وہاب، صوبائی وزیر فراز ڈیرو اور دیگر رہنما بھی ان کے ہمراہ تھے۔ بارش متاثرہ علاقے کے دورے کے بعد بلاول بھٹو زرداری ٹلہر سے منتخب پارٹی ایم پی اے راجا عبدالرزاق کے گھر پہنچے، جہاں انہیں بارش کے باعث ہونے والے نقصان اور حکومت کی جانب سے متاثرین کی امداد و علاقہ کی بحالی کے متعلق بریفنگ دی گئی۔ ریلیف کے صوبائی وزیر فراز ڈیرو نے بھی پارٹی چیئرمین کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اس

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

لاہور سمیت پنجاب میں شدید بارش، مختلف واقعات میں بچوں اور خواتین سمیت 11 جاں بحق، 4 زخمی

بارش کے باعث نشیبی علاقوں اور شاہراہوں پر کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہوگیا، کئی علاقوں میں بارش کا پانی گھروں اور دکانوں میں داخل ہوگیا

لاہور/ چکوال/ منڈی بہاؤالدین/ چنیوٹ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت پنجاب کے مختلف مقامات پر شدید بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری رہا، چھتیں گرنے اور کرنٹ لگنے کے واقعات میں بچوں اور خواتین سمیت 11 جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہوگئے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے چکری میں نادرا سینٹر کا افتتاح کردیا

انشاء اللہ علاقے میں مزید ترقیاتی کاموں کا جال بچھائیں گے جس سے اس علاقے کی قسمت بدل جائے گی، غلام سرور خان

تینتیس سال سے عوام کو لوٹنے والوں کا احتساب ضرور ہوگا، اپنی کرپشن چھپانے کیلئے، ہمارا گھیرا ہورہے ہیں ہم عوام کی طاقت سے مقابلہ کریں گے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے چکری میں نادرا سینٹر کا افتتاح کردیا، نادرا سینٹر کے افتتاح پر اہل علاقہ کی طرف سے وفاقی وزیر کا شکریہ اور زبردست خراج تحسین پیش کیا، اس موقع پر نادرا کے ڈی جی ایڈمن اینڈ آئی آر میجر ریٹائرڈ جمیل

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں لینڈ مافیا کے خلاف ستر سالہ وکیل کی تادم مرگ بھوک ہڑتال 18 ویں روز بھی جاری رہی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں لینڈ مافیا کے خلاف ستر سالہ وکیل کی تادم مرگ بھوک ہڑتال 18 دن سے جاری ہے، ایڈووکیٹ محمد یعقوب کی درخواست پر سپریم کورٹ نے نوٹس لیتے ہوئے کیس کی سماعت 8 اکتوبر کو

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کی جانب سے پی ٹی آئی کے پارلیمانی کمیٹی کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے شرکاء

استعفیٰ منظور کرلیتے تو خود بھی مستعفی ہونا پڑ جاتا، مریم نواز

این آر او کیوں اور کیسے دیا جاتا ہے اور کس کو دیا جاتا ہے، ایک دوسرے کو دیا جاتا ہے، ٹوئٹر پر بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ احتساب کا بیانیہ اپنی موت آپ مرگیا، استعفیٰ منظور کرلیتے تو خود بھی مستعفی ہونا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

نیب کے مقدمات میں مجموعی سزا کی شرح 68.8 فیصد ہے، جسٹس (ر) جاوید اقبال

بدعنوانی تمام برائیوں کی جڑ، نیب میگا کرپشن کے وائٹ کالر کرائمز کیسز کو منطقی انجام تک پہنچانا نیب کی اولین ترجیح ہے

عالمی اقتصادی فورم، ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان نے بدعنوانی کے خاتمے کے لیے نیب کی کوششوں کی تعریف کی ہے، چیئرمین نیب

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ بدعنوانی تمام برائیوں کی جڑ ہے، نیب وائٹ کالر کرائمز اور میگا کرپشن کیسز کو منطقی انجام تک پہنچانا نیب کی اولین ترجیح ہے، نیب اقوام متحدہ کی بدعنوانی کے خلاف کنونشن کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی شہزاد سید قاسم اور ایڈیشنل سیکرٹری پاور ڈویژن وسیم مختار کو (آج) کراچی پہنچنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے معاون خصوصی شہزاد سید قاسم اور ایڈیشنل سیکرٹری پاور ڈویژن وسیم مختار کو (آج) ہفتہ کو کراچی پہنچنے کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق پاور ڈویژن میں سپریم کورٹ کے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ڈبلیو پی سی کے رولز کی تشکیل اور اراکین سے منظوری ایک اہم پیش رفت ہے، بابر بلیدی

ڈبلیو پی سی کے رولز میں بعض ضروری ترامیم کے بعد حتمی ڈرافٹ کی منظوری دے دی یہ رولز توثیق کے لیے چیئرمین/ اسپیکر بلوچستان اسمبلی کو بھیجے جائیں گے

جو اس فورم کو فعال کرکے اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہوگی، پارلیمانی سیکرٹری صحت وسابق وائس چیئرپرسن ڈبلیو پی سی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کی خواتین اراکین پر مشتمل وومین پارلیمنٹرین کاکس کا اجلاس پارلیمانی سیکرٹری صحت وسابق وائس چیئرپرسن ڈبلیو پی سی ڈاکٹر رابیہ خان بلیدی کی زیر صدارت صوبائی اسمبلی کمیٹی روم میں منعقد ہوا یہ اجلاس یو این ڈی پی کی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

پارلیمان عوام کا نمائندہ ادارہ ہے جو ملکی مسائل کے حل کے لیے ایسی پالیسیاں وضع کرسکتا ہے، اسد قیصر

13 اگست 2020 کو اختتام پذیر ہونے والے پارلیمانی سال کے دوران قومی اسمبلی کارکردگی انتہائی شاندار رہی

قومی اسمبلی میں تمام سیاسی جماعتیں قومی اہمیت کے حامل معاملات پر یکساں موقف رکھتی ہیں، کوشش ہے تمام معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے، اسپیکر

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر اسد قیصر نے کہا ہے کہ پارلیمان عوام کا نمائندہ ادارہ ہے جو ملکی مسائل کے حل کے لیے ایسی پالیسیاں وضع کرسکتا ہے جو ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں ہوں، ملکی ترقی کا راز پارلیمنٹ کی مضبوطی میں مضمر ہے۔ وہ وزیراعظم کے معاون

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پڑھیں ماہنامہ پربت کوئٹہ کا تازہ شمارہ



بلوچستان کا کثر الاشاعت براہوئی ماہنامہ آسیاب نوشکی



بلوچستان کا کثر الاشاعت بلوچی ماہنامہ گدروشیا کوئٹہ

پڑھیں ماہنامہ وطن نوشکی کا تازہ شمارہ



روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

05 ستمبر 2020ء

کیسکو کے مجموعی واجب الادا بقایاجات 354 ارب روپے

دارالحکومت میں ہمیشہ سے ہی لوڈشیڈنگ کے رونا رہا ہے اور شاید آگے رہے کیونکہ جب سرکاری محکمے ہی اپنے ذمے واجب الادا بقایاجات ادا نہیں کریں گے تو کیا خاک لوڈشیڈنگ ختم ہوگی حکمران چاہے جتنے بھی دعوے کرلیں جب تک واجب الادا بقایاجات ادا نہیں ہوتے تب تک لوڈشیڈنگ کے خاتمے کا خواب پورا نہیں ہوگا کیونکہ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے بجلی واجبات کی مد میں نادہندگان کے ذمہ مجموعی بقایاجات 354 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے۔ اس مذکورہ رقم میں سے صرف زرعی صارفین کے ذمے تقریباً 312 ارب روپے سے زائد کے بقایاجات واجب الادا ہیں۔ اسی طرح صوبائی حکومت اور اس کے ذیلی محکموں کے ذمے تقریباً 22 ارب روپے، وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمے ایک ارب 38 کروڑ روپے جبکہ گھریلو، کمرشل اور دیگر صارفین کے ذمہ تقریباً 17 ارب روپے کے بقایاجات واجب الادا ہیں۔ اس سلسلے میں کیسکو اُن تمام نادہندگان کے بجلی کنکشنز منقطع کررہی ہے جو اپنے بجلی کے واجبات ادا نہیں کررہے ہیں جبکہ تمام وفاقی وصوبائی سرکاری محکموں اور دیگر نادہندگان سے واجبات کی وصولی کیلئے خصوصی مہم کے ذریعے اُن کے کنکشنز منقطع کردیئے جائیں گے۔ صوبائی حکومت کے وہ تمام ذیلی محکمے جو کیسکو کے نادہندہ ہیں اُن میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ 8906 ملین روپے، محکمہ تعلیم کے ذمہ 5644 ملین روپے، محکمہ صحت کے ذمہ 2271 ملین روپے، بلوچستان پولیس 884 ملین روپے، لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ کے ذمہ 328 ملین روپے، کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ 253 ملین روپے، بلوچستان کمشنرز 188 ملین روپے، ڈپٹی کمشنرز بلوچستان 688 ملین روپے، محکمہ خزانہ 25 ملین روپے، محکمہ جیل 83 ملین روپے، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ 281 ملین روپے، بلوچستان فوڈ ڈیپارٹمنٹ 69 ملین روپے، محکمہ جنگلات تقریباً 45 ملین روپے، فشریز ڈیپارٹمنٹ 86 ملین روپے، محکمہ ایری گیشن کے ذمہ 102 ملین روپے، لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ 67 ملین روپے، بلوچستان بلڈنگ کے ذمہ 115 ملین روپے، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ 97 ملین روپے، بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی تقریباً 23 ملین روپے، محکمہ واسا کے ذمہ 636 ملین روپے جبکہ لوکل باڈیز کے ذمہ 999 ملین روپے، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ 16 ملین روپے جبکہ انڈسٹریز کے ذمہ 26 ملین روپے سے زائد کے بقایاجات واجب الادا ہیں۔ وفاقی محکموں کے ذمہ بھی کیسکو کے بجلی واجبات بقایاجات ہیں اُن میں الیکشن کمیشن کے ذمہ 15 ملین روپے، پاکستان پوسٹ آفس کے ذمہ 127 ملین روپے، بلوچستان یونیورسٹی 14 ملین روپے، پی ٹی سی ایل 112 ملین روپے، سینٹرل ایکسائز لینڈ کسٹم کے ذمہ تقریباً 61 ملین روپے، محکمہ نادار 38 ملین روپے، پلانٹ پروٹیکشن تقریباً 16 ملین روپے، نیشنل بینک 15 ملین روپے، میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ کے ذمہ تقریباً 14 ملین روپے، محکمہ آرکیالوجی کے ذمہ 12 ملین روپے کے بقایاجات شامل ہیں۔ زمینداروں کی جانب سے بروقت بل اور بقایاجات جمع نہ کرانے کی وجہ سے کیسکو کے لئے مزید مالی مسائل پیدا ہورہے ہیں جس کی وجہ سے بجلی کے جاری ترقیاتی منصوبے بھی بروقت مکمل کرنے میں بھی مشکلات پیش آنے کے علاوہ دیگر تمام صارفین کے لئے بھی لوڈشیڈنگ جیسے کئی مسائل پیدا ہورہے ہیں۔ چونکہ کیسکو بجلی خریدنے اور بیچنے والی ایک کمپنی ہے لہٰذا بغیر ادائیگی کے کسی بھی صارف کو بجلی فراہم نہیں کرسکتی۔ صارفین کو بجلی فراہم کرنے کیلئے ضروری ہے کہ کیسکو خریدی گئی بجلی کی بروقت ادائیگی کرے جو صرف اور صرف تمام صارفین کی جانب سے بلوں کی ادائیگی کی صورت میں ممکن ہے۔ اسی لئے کیسکو اپنے تمام نادہندہ صارفین خصوصاً زرعی صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے بل مقررہ وقت پر ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ذمے تمام واجب الادا بقایاجات بھی ادا کرتے جائیں کیونکہ بلوں کی بروقت ادائیگی سے بجلی کی فراہمی کے اوقات کار میں اضافہ اور لوڈشیڈنگ دورانیہ میں مزید کمی لائی جاسکتی ہیں۔

☆☆☆☆

جھالاوان کارنر

تحریر: منیر احمد زہری

کسی بھی قوم کے نوجوان نسل کو تباہ وبرباد کرنا ہو یا انہیں ذہنی کھوکھلا بنانا ہو تو اس میں آسان کام یہ ہے اس قوم میں منشیات اور بے حیاء کو کھلے عام کریں۔

ملک بھر میں منشیات کے عادی افراد میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے منشیات کے اڈے سر عام چل رہے ہیں منشیات مسلمانوں کے علاوہ اقلیتی برادری کے ہاتھوں نوجوان نسل نشہ بن کر شراب کے بوتل ہاتھوں میں لیکر بڑے فخر سے پی کی موج مستی کرکے اللہ کے عذاب کو دے رہے ہیں خضدار میں مین قومی شاہراہ پر وان اسٹور بندوں کے علاوہ مسلمان نوجوانوں کی تباہی کا سبب بن رہے ہیں۔

ان پر آواز اٹھانا ہر غیرت مند مسلمانوں کا فرض بن چکا ہے۔

آروز قومی شاہراہوں پر چیک پوسٹیں ٹنوں کے حساب سے منشیات آئس ہیروئن چرس کرسٹل شراب شیشے ودیگر منشیات پکڑے جارہے ہیں۔

لیکن پھر بھی منشیات کے کاروبار کرنے والے منشیات فروشوں میں لاتعداد اضافہ دیکھنے کو مل رہے ہیں نوجوان نسل مختلف نشوں میں مبتلا ہوتے جارہے ہیں منشیات فروش کسی بھی صورت میں معافی کا حقدار نہیں ہے۔

منشیات فروش قوم کا دشمن ملک وملت کا دشمن نوجوان نسل کا دشمن ان کی کھلم کھلا پشت پناہی قوم کی تباہی کا علامت بن چکا ہے۔

مجھے یاد ہے۔

گزشتہ سال خاران میں بی این پی عوامی کے ایک جیالے کارکن مقبول بلوچ سالاری انگی پوری نیم اس ناسور کے خلاف خاران میں بھرے چوک پر جلسہ کیا اور انتظامیہ کو منشیات فروشوں کا قلعہ قمع کرنے کیلئے خواب خرگوش سے بیدار کیا مگر مقبول بلوچ اور انکے دیگر ساتھیوں کو کہاں کہاں سے دھمکی آمیز فون تھریٹ مل گئے

اور انہیں جان سے مارنے کی دھمکی بھی دی گ لیکن وہ مرد آہن انکے سامنے سیسہ پلا دیوار بن کر آج تک انکے خلاف کوہ ہمالیہ کی طرح کھڑے ہیں انکے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کررہے ہیں میں انہیں سلام پیش کرتے ہیں

اس کے علاوہ نوشکی میں انہی منشیات فروشوں کے ہاتھوں ایک نوجوان خلاف ورزی کرنے پر جام شہادت نوش کے درپے پر فائز رہے

لیکن انکے سامنے نہ ہنی

منشیات قوم کے لی نوجوان نسل کیلئے زہر قاتل ہے۔

آج کے گھرانے انہی منشیات کی وجہ سے اجڑ گئے ہیں نوجوان نسل کو ایک سازش کے تحت نشہ بنایا جارہا ہے۔

منشیات فروشوں کو بااثر لوگوں کی اثر ورسوخ حاصل ہے ایسے دھندے کرنے والے بڑے بڑے مگر مچھوں کی صورت موجود ہے

اگر ملک میں طاقتور بیٹھے چاہیں تو منشیات فروش نہ بلکہ کسی کو یہ جرت نہ ہوگی کہ کسی منشیات فروش سے ایک چرس کی پڑی خرید سکے صوبہ بلوچستان میں منشیات فروشوں کا نام لینا گناہ ہی صحیح

مگر قلم کار صحافی بھی انکے ہاتھوں اللہ کو پیارے ہوگئے ہیں

انتظامیہ بھی انہی کے بندوق سے بچ نہ پائے ہے چند سال پہلے ایک دبنگ ایس ایچ او منظور شاہوانی مکران میں طاقتور منشیات فروش امام بھیل کے نیٹ ورک کو ناک میں دم کردی تھی پھر کیا ہوا وہی منشیات فروش ایسے ایماندار نڈر آفیسر کی آواز کو بندوق کے نوک پر ہمیشہ کیلئے خاموش کردیا

صوبہ بلوچستان میں منشیات فروشوں کی نیٹ ہر جگہ موجود ہے

لیکن مکران انکا گڑھ ہے منشیات فروشوں کی طاقت کا اندازہ ہمیں اس وقت ہو جب ایک ایماندار لیمیل اسسٹنٹ کمشنر عائشہ زہری ایک بڑے مگر مچھ کے نیٹ ورک میں ہاتھ ڈالی

تو انہیں آج تک سب کچھ بھگتنا پڑی؟؟؟

قوم ہمیں یہ بتائیں کہ نوجوان نسل کے تباہی کا ذمہ دار کون؟ منشیات فروش یا کوادر ہے جسکا نام لینا گناہ کبیرہ سے کم نہیں ہے؟؟؟

بی این پی عوامی واحد جماعت ہے انکے قائدین نے وقت اور حالات کے نزاکت کو محسوس کرتے ہو ایک تاریخی فیصلہ کیا ہے یہ کریڈیٹ کی بات نہیں ہے بلکہ اس بدقسمت قوم کے بہتر مستقبل اور آنے والے نسل کو اس ناسور کے تباہی سے بچانا ہے بی این پی عوامی کی جانب سے صوبہ بھر میں 17 ستمبر کو موٹر سائیکل ریلی منشیات فروشوں کے نیٹ ورک کو مسمار کرنا ہے

قوم کے باشعور غیرت مند قوم دوست وطن دوستوں کو شرکت کی اپیل کی جاتی ہے

کہ وہ بھاری تعداد میں شرکت کرکے قوم دوستی وطن دوستی کا ثبوت دیکر ملک وملت کو منشیات فروشوں کی دادگیری سے پاک کیا جائے۔۔۔۔۔

معاشرہ کو کتاب کلچر کی ضرورت۔۔۔۔

ابوبکر دانش بلوچ

کہتے ہیں کہ کتاب انسان کی بہترین دوست ہوتی ہے ہر اچھی کتاب انسان کا دوست ہے ساری زندگی میں انسان کی اخلاقیات کو سنوارتی رہتی ہے کتاب زندہ ہے پڑھنے والے بھی زندہ ہیں۔

کتاب جتنی پرانی اور بوسیدہ ہوتی ہے تو اس کی قیمت اور زیادہ ہوتی ہے۔ مارکیٹ میں کتابوں کی قیمتیں بڑھتی جارہی ہیں۔ پہلے ایک کتاب کی قیمت دس روپے تھی اب ایک ہزار روپے ہے کمپیوٹر پرانا ہوتو ناکارہ ہوجاتا ہے۔

موبائل فونز میں بیٹری یا پاور نہ ہوتو وہ نہیں چلتے۔ کتاب خود ایک پاور ہے۔ کتاب بینی کے لئے الیکٹرک آلات کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سورج اور چاند کی روشنی میں کتاب پڑھی جاسکتی ہے۔ کتب بینی سے علم میں اضافہ ہوتا ہے۔

جو وقت مطالعہ میں گزرتا ہے وہ بڑھاپے کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ عالم تاریخ اس بات کی گواہ ہے قوموں کی ترقی اور معاشی خوشحالی کے پیمانے اور منصوبہ بندیاں کتابوں سے ازبر ہوئے

کتب بینی انسان کی زندگی میں غیر معمولی تبدیلی پیدا کرتی ہے کتاب دوست لوگ معاشرے میں اپنا الگ مقام رکھتے ہیں جبکہ مطالعہ کے عادی افراد اپنے حلقے میں ہر دل عزیز ہوجاتے ہیں کیونکہ یہ اپنی ذخیرہ الفاظ اور معلومات کی بنیاد پر دوسروں کو اپنا گرویدہ بنالیتے ہیں مطالعہ انسان کی شخصیت سازی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے آج بھی جو نوجوان اپنا رشتہ کتاب یا مطالعے سے بنائے ہوئے ہیں، وہ بالکل ہی الگ شخصیت کے حامل دکھائی دیتے ہیں آج ہم اپنے اطراف ذرا نظر دوڑائیں تو ہم پر منکشف ہوگا کہ معروف وکامیاب شخصیات نے زمانہ طالب علمی سے ہی کتاب بینی کی عادت اپنا رکھی تھی اسی وجہ سے انکا ایک الگ نام اور پہچان ہے

ہمارے ہاں کتاب پڑھنے کا شوق بہت تیزی سے ختم ہوتا جارہا ہے بہت سے لاعلم حضرات انٹرنیٹ کو اسکا قصوروار ٹھہراتے ہیں جبکہ یہ بات کہنا درست نہیں کیونکہ انٹرنیٹ ایک میڈیم ہے، جس نے دنیا بھر کو ایک گلوبل روم کی شکل دی ہے

کئی علوم کی برقی کتابیں باآسانی دستیاب ہیں یعنی اس ایجاد نے دنیا بھر میں پہلے علوم تک رسائی آسان بنائی ہر طرح کا مواد تلاش کرنے سے میسر آجاتا ہے اب یہ استعمال کرنے والے پر منحصر ہے کہ وہ اسکا استفادہ کیسے کرتا ہے یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ ٹیکنالوجی نے زندگی کو سہل بنانے کے ساتھ ساتھ تنہائی کا ساتھی بھی بنادیا ہے اب ہر قسم کی معلومات نیٹ پر دستیاب ہیں آپ نیٹ پر معلومات کے خزانے سے بہت کچھ حاصل کرسکتے ہیں یہ صرف آپ کو طے کرنا ہوگا کہ وقت کو ضائع کرنا ہے یا مفید کتابوں کا مطالعہ کرکے اپنے علم میں اضافہ کرنا ہے رجحانات تو انسان خود متعین کرتا ہے آچھا تو یہ ہوگا کہ آپ مطالعہ کی عادت کو پروان چڑھائیں تاکہ اپنا قیمتی وقت بیکار کاموں یا شغل میں لگادیں بات ہے مطالعہ کی تو آپ چاہیں تو اس کے لئے کتابیں خریدلیں یا جس کو نیٹ کی سہولت میسر ہے تو وہ اسکا مثبت استعمال کرکے اپنی کتاب بینی کا شوق یہاں پورا کرلے

☆☆☆☆

شادیوں میں کمی کے باوجود سونا مہنگا کیوں

آصف علی خان

رابعہ اکرام کو خدشہ ہے کی ان کی بیٹیوں کی شادیاں نہیں ہو پائیں گی کیونکہ ان کے پاس زیورات بنوانے کے لیے درکار رقم موجود نہیں۔ وہ لاہور کے علاقے گڑھی شاہو کے ایک سرکاری سکول میں پڑھاتی ہیں اور پچھلے کئی سال سے اپنی دونوں بیٹیوں کی شادی کے زیورات بنوانے کے لیے رقم بچا بچا کر رکھ رہی تھیں۔ اس سال کے شروع میں انہیں ایسا لگا کہ ان کے پاس مناسب رقم اکٹھی ہوگئی ہے لہٰذا انہوں نے سوچا کہ وہ مارچ کے مہینے میں ان کی شادیاں کردیں گی۔

لیکن ابھی انہوں نے شادیوں کے دن طے بھی نہیں کئے تھے کہ کورونا وائرس کی وجہ سے حکومت نے معاشی اور سماجی سرگرمیوں پر لاک ڈاؤن لگا دیا جس کی وجہ سے شادی ہال بند ہو گئے اور شادیوں کی تقریبات منسوخ ہوگئیں۔ شروع میں رابعہ کو محسوس ہوا کہ یہ صورتِ حال ان کے لئے مثبت ثابت ہوسکتی ہے کیونکہ اگر شادیاں نہیں ہوں گی تو زیورات اور سونے کی طلب اور قیمت دونوں میں کمی ہوگی اور یوں وہ اپنی بیٹیوں کے لئے آسانی سے زیورات بنوا سکیں گی۔ کسی حد تک ان کا اندازہ غلط نہیں تھا۔

رواں سال میں ہونے والی جیولری کی عالمی خریداری کے اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ سونے کے زیورات کی خریداری میں پچھلے سال کی نسبت چھبیس فیصد کمی آئی ہے۔ صرف چین میں اس سال کی پہلی سہ ماہی میں گذشتہ برس کے مقابلے میں سونے کے زیورات باون فیصد کم فروخت ہوئے۔ اسی عرصے میں انڈیا میں سونے کے زیورات کی فروخت گذشتہ برس کے مقابلے میں ساٹھ فیصد کم رہی۔ لیکن اس کمی کے باوجود سونے کی قیمت تیزی سے بڑھی ہے اور چند ہفتوں میں نوے ہزار روپے فی تولہ سے بڑھ کر ایک لاکھ اٹھائیس ہزار روپے فی تولہ تک پہنچ گئی ہے۔ اگر سونے کی قیمتیں کورونا وائرس کی وبا سے پہلے والی سطح پر واپس نہ گئیں تو رابعہ کے لئے زیورات بنوانا اور بیٹیوں کی شادیاں کرنا ایک خواب بن کر رہ جائے گا۔

سونا مہنگا کیوں ہورہا ہے؟

سونے کی عالمی تجارت پر نظر رکھنے والے ادارے ورلڈ گولڈ کونسل کے مطابق جب ساری دنیا کورونا وائرس سے لڑ رہی تھی اس وقت کچھ سرمایہ کار سونا خریدنے اور ذخیرہ کرنے میں مصروف تھے۔ کونسل کے اعداد وشمار دکھاتے ہیں کہ 2020 کی پہلی سہ ماہی میں سرمایہ کاروں نے ساٹھ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کر کے ایک ہزار ایک سو تیس ٹن سونا خریدا۔ گذشتہ کئی سالوں میں اتنے کم عرصے کے دوران سونے میں اتنی بڑی سرمایہ کاری نہیں دیکھی گئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس وقت دنیا کے بڑے بڑے سرمایہ کاروں کے پاس تین ہزار چھ سو اکیس ٹن سونا موجود ہے جس کی مالیت 206 ارب ڈالر سے زائد ہے۔ ان کی دیکھا دیکھی نسبتاً چھوٹی سطح پر سونے کا کاروبار کرنے والے لوگوں نے بھی رواں سال اپریل سے جون تک تقریباً اکیس ارب ڈالر خرچ کر کے ایک سو اچھاس ٹن سونا خریدا۔ اس خریداری کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ 2020 کا سال شروع ہوتے ہی کورونا وائرس کے نتیجے میں امریکہ، یورپ، ایشیا، افریقہ ہر جگہ۔۔۔ کاروبار بند ہوگئے اور اسٹاک مارکیٹیں اور کرنسی کی منڈیاں بحران کا شکار ہوگئیں۔ اس غیر یقینی صورت حال کے پیش نظر بڑے بڑے سرمایہ کار سونا خریدنے لگے۔ یہ سرمایہ کار زیادہ تر یورپی اور امریکی ہیں جبکہ سونا بیچنے والے لوگ زیادہ تر ایشیائی ہیں (جنہوں نے 2020 کے پہلے چھ ماہ میں 6.40 ٹن سونا بیچا ہے)۔

اس کی دو وجوہات ہوسکتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ کورونا وائرس کی وجہ سے ایشیائی معیشتیں یورپی معیشتوں کے مقابلے میں زیادہ متاثر ہوئیں ہیں لہٰذا ایشیا کے کاروباری لوگوں کے لئے سرمایہ اکٹھا کرنے کے راستے محدود ہوگئے ہیں اور وہ اس کا حل سونا بیچ کر نکال رہے ہیں۔ دوسرے یہ کہ بہت سے چھوٹے سرمایہ کار جن کے پاس سونے کے ذخائر موجود تھے انہوں نے اس کی قیمت میں ہونے والے اضافے سے فوری فائدہ اٹھانے کے لئے اسے اس وقت بیچنا مناسب سمجھا ہے۔

سونے کے بڑے خریدار: مرکزی بنک

دنیا بھر میں مختلف ملکوں کے مرکزی بنک ہر سال بڑی مقدار میں سونا خریدتے ہیں لیکن کورونا وائرس کی وجہ سے پیدا ہونے والے معاشی بحران کے نتیجے میں یہ خیال کیا جارہا تھا کہ شاید اس سال یہ بنک سونے کی خریداری کرنے کے بجائے اپنے غیر ملکی کرنسی کے ذخائر کو محفوظ اور مستحکم بنانے پر زور دیں گے۔

لیکن ورلڈ گولڈ کونسل کے مطابق، 2020 کے پہلے چھ ماہ میں مختلف ممالک کے مرکزی بنکوں نے دو سو چھتیس ٹن سونا خریدا جبکہ پچھلے دو برس میں وہ سال کے پہلے چھ ماہ میں اوسطاً دو سو ستائیس ٹن سونا خریدتے رہے ہیں۔ گویا ان بنکوں نے رواں سال کے دوران پچھلے دس سالوں کے مقابلے میں صرف چھ فیصد کم سونا خریدا ہے۔ (ان چھ ماہ میں مختلف مرکزی بنکوں نے 5.42 ٹن سونا فروخت بھی کیا ہے)۔

رواں سال ترکی کا مرکزی بنک سونے کا ایک بڑا خریدار بن کر سامنے آیا ہے جنوری 2020 سے لے کر جون 2020 تک اس نے ایک سو ستر ٹن سونا خریدا جس کے نتیجے میں ترکی کے سونے کے مجموعی ذخائر پانچ سو تراسی ٹن تک پہنچ گئے ہیں۔ ایکواڈور نے بھی 2020 کے پہلے چھ ماہ میں ساڑھے سات ٹن سونا خریدا جبکہ انڈیا نے 7.4 ٹن، ازبکستان نے 7.4 ٹن اور چیک ری پبلک نے 2.1 ٹن سونا خریدا۔

دوہرا دھچکا

کورونا کی وبا کے بعد ایک طرف عالمی منڈی میں سونے کی قیمت بڑھی تو دوسری طرف پاکستانی روپے کی قدر میں بتدریج کمی ہوتی گئی جس کے نتیجے میں یہاں سونے کی مقامی قیمت میں اضافہ عالمی طور پر اس میں اضافے سے قدرے زیادہ رہا ہے۔ مثال کے طور پر فروری 2020 کے آخر میں عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت سولہ سو نو ڈالر فی اونس تھی جبکہ پاکستان میں اس کی فی تولہ قیمت اکیانوے ہزار سات سو روپے تھی۔ اس وقت ایک ڈالر 159 پاکستانی روپوں کے برابر تھا۔ لیکن ایک ماہ بعد یعنی 31 مارچ کو عالمی منڈی میں سونے کی قیمت سولہ سو نو ڈالر فی اونس ہی تھی لیکن پاکستان میں ایک تولہ سونے کی قیمت ایک لاکھ روپے سے تجاوز کر گئی تھی کیونکہ ایک ڈالر 166 پاکستانی روپوں کا ہوچکا تھا۔

اس وقت عالمی مارکیٹ میں سونے کی فی اونس قیمت تقریباً 1950 ڈالر جبکہ پاکستان میں تقریباً ایک لاکھ چودہ ہزار روپے فی تولہ ہے۔ تاہم یہاں یہ بات پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ سونے کی عالمی تجارت میں پاکستان کا کوئی اہم کردار نہیں کیونکہ یہاں زیادہ تر پرانا سونا ہی استعمال ہوتا چلا جاتا ہے۔ قومی ادارہ شماریات کے مطابق، پاکستان نے 30 جون 2020 کو ختم ہونے والے مالی سال میں صرف دو سو پچھتر کلو سونا درآمد کیا تھا جس کی مالیت ایک کروڑ سولہ لاکھ ڈالر تھی۔

اس لیے عالمی منڈی میں سونے کی قیمت بڑھنے سے پاکستان کی کرنسی یا معیشت پر کوئی بڑا اثر مرتب نہیں ہوتا البتہ عالمی منڈی میں سونا مہنگا ہونے سے مقامی طور پر سونا ذخیرہ کرنے والوں کی چاندی ہوجاتی ہے اور ان کی دولت پیچھے بٹھائے بڑھ جاتی ہے۔ دوسری طرف رابعہ اکرام جیسے کئی والدین اپنے بچوں کی شادی اس لئے نہیں کرپاتے کہ سونے کے زیورات کی قیمت ان کی پہنچ سے دور ہوجاتی ہے۔

☆☆☆☆

گلی محلے کی دکانیں کینسر کی نرسریاں

خضدار میں اس وقت بے حساب وبیشمار منشیات موجود ہے، ہر گلی میں منشیات باآسانی دستیاب ہے۔۔۔

تحریر:۔ حیدر موسیانی

واضح رہے کہ منہ اور معدے کے کینسر کی بنیادی وجہ پان گٹکہ، جیم رتن، پراگ دیگر خوردنی تمباکو کے علاوہ میڈیکل اسٹورز سے دستیاب نشے کے انجکشن اور گولیاں بھی ہیں۔۔۔

ہمارے ہاں چھوٹے بچے جوان اور بوڑھے بڑے شوق سے خوردنی تمباکو

(رتن جیم، پراگ، ماوا، گٹکہ) کھاتے ہیں، بلکہ کئی لوگ اسے نشہ تصور ہی نہیں کرتے۔۔۔

واضح رہے کہ خوردنی تمباکو ہر جگہ دستیاب ہے۔ کوئی تین چار سال کا بچہ بھی خرید سکتا ہے۔۔۔

کینسر کے خلاف جہاد کرنے والے بھی تمباکو استعمال کرتے دیکھے گئے ہیں۔۔۔

کینسر کیلئے ہسپتال کی اشد ضرورت ہے، لیکن اس سے پہلے منشیات کی لعنت سے چھٹکارا حاصل کرنا انتہائی ضروری ہے۔۔۔

اس سلسلے میں علمائے کرام، اساتذہ کرام سماجی کارکنوں کے گزارش ہے کہ خوردنی تمباکو کے نقصانات کے بارے میں ہر سطح پر آگاہی مہم چلائیں۔۔۔

اسکے ساتھ ساتھ انتظامیہ سے بھی اپیل ہے کہ کینسر جیسے موذی مرض کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے اور سیکیورٹی فورسز کے ذریعے منشیات کے زہر کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے خضدار کے تمام دکانوں کی (خفیہ نگرانی کرکے) جیم رتن پراگ ماوا گٹکہ وغیرہ کی بیخکنی کرے۔۔۔

اگر کینسر کی نرسریوں کو ختم نہیں کیا گیا تو یہ منشیات بچوں بڑوں کی رگوں میں زہر قاتل کی طرح پھیلتا رہیگا۔۔۔

جس پر قابو پانا انتظامیہ تو کجا سرکار کے بس کی بات نہیں ہوگی۔۔۔

خضدار میں نسلوں کی بربادی کا ذمہ دار حاکم وقت ارباب اختیار ہوگا۔۔۔

☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

معیشت مستحکم ہورہی ہے۔ عمران خان

سی پیک انقلابی ایم ایل ون منصوبہ

سید کمال حسین شاہ

1804ء میں ایک انگریز انجینئر رچرڈ ٹریوی تھک نے بھاپ سے چلنے والا انجن تیار کیا۔ اس کے بعد جارج سٹیفن سن نے اس سے زیادہ طاقتور انجن بنایا۔ اس انجن کے کامیاب تجربے کے بعد سٹاکٹن سے ڈارلنگٹن تک ریل کی پٹری بچھائی گئی جس پر صرف مال گاڑیاں چلائی گئیں۔ 1830ء میں لیورپول سے مانچسٹر کو ملانے والی ریلوے لائن کا افتتاح ہوا اور برطانیہ میں سب سے پہلی مسافر گاڑی اسی ریلوے لائن پر چلی۔ اس کے بعد ریاست ہائے متحدہ میں 1833ء، بلجیم اور جرمنی میں 1835ء میں کینیڈا 1836ء، فرانس 1837ء، ہالینڈ اور اٹلی میں 1839ء میں ریل گاڑیاں چلنے لگیں ہندوستان میں ریلوے کی تاریخ کا آغاز 1845ء سے ہوا۔

اس سال کلکتے سے رانی گنج بمبئی سے کلیان اور مدراس سے ارکونام تک تین ریل گاڑیاں تجرباتی طور پر چلائی گئیں۔ 13 مئی 1861ء کو کراچی سے کوٹری تک چلنے والی ریل گاڑی کا افتتاح ہوا۔ 10 اپریل 1862ء کو لاہور اور امرتسر کے درمیان پہلی گاڑی چلی۔ 1865ء میں ملتان کو لاہور سے ریلوے کے ذریعے سے ملا گیا۔ 1889ء میں سکھر کے مقام پر دریائے سندھ پر پل تعمیر ہونے سے پنجاب اور سندھ ریل کے ذریعے مل گئے۔ دنیا بھر کے ممالک میں ریلوں کے جال بچھا ہوا ہے انجنوں اور گاڑیوں کی ساخت اور رفتار انتہا کو پہنچی ہوئی ہیں انجنوں نے بہت ترقی کی ہے جدید قسم کے انجن بنائے گئے ہیں شروع میں بھاپ کے انجن بنے پھر ڈیزل سے چلنے والے انجن بنائے گئے اس کے بعد بجلی سے چلنے والے انجن بن گئے بھاپ کے مقابلے میں ڈیزل اور بجلی کے انجن بن گئے ہلکے پھلکے اور تیز رفتار ہوتے ہیں۔

برصغیر میں ریل کا انداز مواصلات کے جدید، اور بڑی حد تک انقلابی ذریعے کے طور پر ہوا، مگر جلد ہی ریل ایک اہم علامت بھی بن گئی۔ برصغیر کے جن علاقوں میں ریل کی پٹریاں بچھائی گئیں، وہاں ایک نئی ثقافت کا انداز ہوا۔ موجودہ پاکستان میں ریلوے کا آغاز 13 مئی 1861ء میں ہوا جب کراچی سے کوٹری 169 کلومیٹر ریلوے لائن کا افتتاح ہوا۔ 1885ء تک موجودہ پاکستان میں چار ریلوے کمپنیاں سندھ ریلوے، انڈین فرنٹیئر ریلوے، پنجاب ریلوے اور دہلی ریلوے کام کرتی تھیں۔ 1885ء میں انڈین حکومت نے تمام ریلوے کمپنیاں خرید لیں اور 1886ء میں نارتھ ویسٹرن اسٹیٹ ریلوے کی بنیاد ڈالی جس کا نام بعد میں نارتھ ویسٹرن ریلوے کردیا گیا۔

قیام پاکستان کے وقت پاکستان میں تین مختلف براڈ گیج، میٹر گیج اور نیرو گیج ریلوے لائنیں استعمال ہوتی تھیں۔ جن میں سے کچھ میٹر گیج اور نیرو گیج ریلوے لائنیں براڈ گیج میں تبدیل کردیں گئیں ہیں اور باقی بند ہوچکی ہیں۔ اب پاکستان ریلوے کے نظام میں صرف براڈ گیج ریلوے لائنیں استعمال ہورہی ہیں۔ پاکستان ریلویز کی ٹرینوں کی رفتار زیادہ سے زیادہ 120 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ پاکستان بھارت ایران اور ترکی سے بذریعہ ریل منسلک ہے۔

عوام کیلئے سستا معیاری سفر، ریل گاڑی آمد رفت، سامان کی ترسیل کیلئے سستا اور آسان ترین ذریعہ، مال بردار ٹرینیں ریلوے کا سب سے بڑا ریونیو حاصل کرنے کا ذریعہ مال بردار گاڑیوں کے ذریعے گڈز کی آمدورفت سے وابستہ ہے۔ ایم ایل ون پاکستان ریلوے کا تاریخ ساز منصوبہ کیونکہ ماضی میں ریلوے کی ترقی کے حوالہ سے اتنے بڑے منصوبے نہیں لائے گئے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نے ریلوے کے انقلابی ایم ایل ون منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے منصوبے ایم ایل ون ہے۔ ایم ایل ون منصوبہ سی پیک کا سب سے بڑا منصوبہ ہے، اس منصوبے کے تحت ریل کے انفرا اسٹرکچر میں بہتری ہوگی۔ 14 سال پہلے جس منصوبہ پر میں نے دستخط کئے تھے۔ ایم ایل ون پراجیکٹ کو سی پیک میں انتہائی اہمیت حاصل ہے، ریلوے کی ترقی ملکی ترقی کے لئے ناگزیر تھا۔ ایم ایل ون منصوبہ کے بعد ایم ایل 2، ایم ایل 3 یہ دو بڑی جنکشن ریلوے اسٹیشن سے شروع ہوکر چمن ریلوے اسٹیشن پر ختم ہوتی ہے، ایم ایل 4 یہ لائن ایران میں داخل ہوتی ہے اور زاہدان کو جاتی ہے۔ منصوبہ ہے۔ خنجراب ریلوے یا قراقرم ریلوے پاکستان کے گلگت بلتستان کے ضلع ہنزہ نگر کو براستہ درہ خنجراب عوامی جمہوریہ چین کے خودمختار علاقے شنجیانگ سے ملانے کا ایک منصوبہ ہے لاہور میٹرو پاک چین اقتصادی راہداری کے تحت چینی اورنج لائن لاہور میٹرو کی پہلی لائن۔ اس کے مالی اخراجات اور تعمیر پاک چین اقتصادی راہداری کے تحت چینی حکومت نے کے۔ منصوبے کے لیے زمین پنجاب حکومت نے مہیا کی۔ وزیراعظم عمران خان کی حکومت میں ریلوے کے شعبہ میں تاریخ ساز ترقیاتی کام ہونے جارہے ہے اس منصوبہ سے ریلوے کا سارا سسٹم خودکار ہوجائے گا، ایم ایل ون منصوبہ میں 90 فیصد ملازمتیں پاکستانیوں کیلئے مختص ہوں گی۔ منصوبہ سے نہ صرف ٹرینوں کی تعداد بڑھے گی بلکہ سفر کا دورانیہ بھی کم ہوگا۔ ایم ایل ون منصوبہ سے کراچی سے پشاور تک 1780 کلومیٹر کا ڈبل ٹریک پر کام ہوگا اور اس منصوبہ پر چین کے تعاون سے 8.6 بلین ڈالر لاگت آئے گی۔ اس منصوبہ پر 90 فیصد پاکستانی لیبر کام کرے گی جس سے ڈیڑھ سے 2 لاکھ افراد کو روزگار میسر آئے گا۔

ریلوے میں حادثات کی بڑی وجہ ریلوے کراسنگ ہے، اس منصوبہ سے خودکار سسٹم شروع ہوگا جس سے نہ ص

شاٹل بقیہ 1

پلان اور ریفارمز ٹیبل کی جانب سے اجلاس کوئٹہ میں مجوزہ ترامیم سے متعلق بریفنگ دی گئی، وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بل میں ایسی ترامیم شامل کی جائیں جن سے کسی قسم کا قانونی ابہام پیدا نہ ہو، انہوں نے ترامیم کے حوالے سے دیگر صوبوں اور وفاقی حکومت کے متعلقہ اداروں کے ساتھ مشاورت اور رہنمائی کے حصول کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایسی پالیسیوں کی تشکیل کی ضرورت ہے جن سے سرمایہ کار اور نجی شعبہ کو شراکت داری کے لئے دوستانہ ماحول مل سکے، اگر ہم ایک سال میں پی پی پی موڈ کے تحت تین منصوبے بھی شروع کریں تو یہ ایک بڑی کامیابی ہوگی، اجلاس میں مجوزہ ترامیم کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے بعض اہم فیصلے کئے گئے جبکہ بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنر پالیسی 2020ء کی لاجنگ کی منظوری بھی دی گئی۔

شاٹل بقیہ 2

وزیراعظم نے کہا کہ خارجی اور داخلی معاملات پر عسکری قیادت سے مکمل کور بات ہوتی ہے، اندرونی اور بیرونی معاملات پر تمام فیصلے ملکی مفاد میں اتفاق رائے سے کیے جاتے ہیں۔ صوبہ پنجاب کی حکومت بارے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ طرز حکمرانی کی مزید بہتری کیلئے خصوصی توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ عثمان بزدار ہر بڑے فیصلے پر رابطے میں رہتے ہیں۔ آئندہ چند دنوں میں انتظامی معاملات سے متعلق مثبت نتائج سامنے آئیں گے، پنجاب میں بڑے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما جہانگیر خان ترین بارے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کے مستقبل کا فیصلہ متعلقہ ادارے تحقیقات کی صورت میں کریں گے۔ سعودی عرب کے بارے میں پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ تعلقات معمول کے مطابق اچھے انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی احتساب بیورو اپنے انداز سے اپنا کام کر رہا ہے، چاہتے ہیں نیب میگا سکینڈلز کو بہتر انداز سے منطقی انجام تک پہنچائے۔ وزیراعظم عمران خان نے اپوزیشن کی کل جماعتی کانفرنس کے انعقاد پر بھی طنز کیا اور کہا کہ حزب اختلاف کے پاس کرنے کو کچھ نہیں، اے پی سی مصروفیت کا بہانہ ہوسکتا ہے۔

شاٹل بقیہ 3

اسلم بھوتانی نے الزام لگایا کہ ہمارے ساتھیوں کی جدی پشتی زمینوں کو سرکاری زمین ظاہر کرکے لوگوں کی چاردیواریاں مسمار کی جارہی ہیں جو کہ انتقام کی اندھی مثال ہے انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کے لوگوں سے وزیراعلیٰ نے اپنے قومی اسمبلی میں شکست کا بدلہ ان پر ملازمتوں کے دروازے بند کرکے روزگار میں رکاوٹیں ڈال کر اور زمینوں پر بغیر کسی نوٹس کے یکطرفہ کارروائی کرکے لوگوں کی موروثی زمینوں کو چھیننا بدترین انتقام کی مثالیں ہیں انہوں نے کہا کہ وفاق کی جانب سے ان کی کوششوں سے لسبیلہ کی ترقی کیلئے جو فنڈز ملے تھے ان میں بھی صوبائی حکومت رکاوٹیں ڈال کر جتنے میں ترقیاتی کاموں کو کرا رہی ہے، یہ فنڈز کسی کے ذاتی نہیں بلکہ بلوچستان کے عوام کیلئے مختص ہیں لیکن جتنے میں ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے کی سازشوں کو کسی بھی طرح سے برداشت نہیں کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کے بہادر عوام نے جام خاندان کی زیادتیوں کا پہلے بھی ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے اور آئندہ بھی ناانصافیوں سے ڈرنے والے نہیں لیکن وزیراعلیٰ جام کمال جو انتقام کا کھیل کھیل رہے ہیں اس سے ان کے خلاف نفرتوں میں اضافہ ہورہا ہے اور آئندہ الیکشن میں وہ اپنی صوبائی سیٹ کو بھی بچا نہیں سکیں گے۔

شاٹل بقیہ 4

صحت ہماری اولین ترجیح ہے، ہم کوئی بھی ایسا اقدام نہیں اٹھانا چاہتے جس سے بچوں کی صحت پر کوئی اثر پڑے لیکن حالات اچھے ہیں، انفیکشن اور اموات کی تعداد کم ہوگئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 6 ماہ کے دوران بچوں کی تعلیم کا بہت حرج ہوا ہے بالخصوص چھوٹی جماعتوں کے بچوں کے لرننگ لیولز بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں اس کے علاوہ نجی اسکولوں پر بہت اثر پڑا ہے خاص کر وہ اسکول کہ جن کی فیسیں کم تھیں ان پر بہت مشکل وقت آیا ہے۔ شفقت محمود نے کہا کہ تعلیمی اداروں کی بندش سے ہونے والے نقصان کا جائزہ لینے کیلئے صوبائی حکومتوں سے گزارش ہے کہ نیشنل لے کر بچوں کے لرننگ لیولز میں آنے والے فرق کا جائزہ لیں اور اپنے پروگرام اسی حساب سے تشکیل دیں، ساتھ ہی تعلیمی سال مختصر رہ گیا ہے اس لیے کورس ورک کو اس طرح مناسب حد تک کم کرنے پر غور کیا جائے جس سے بچوں پر بوجھ نہ پڑے اور تعلیم کا بھی نقصان نہ ہو۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ سال تک کووڈ کی صورتحال بھی بہتر ہوگی تو آہستہ آہستہ اسکولوں اور امتحانات کے پرانے شیڈول پر آجائیں گے۔ اسکول کھولنے کے پیش نظر کووڈ کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے معاون خصوصی برائے صحت نے کہا کہ پاکستان میں کووڈ 19 کی صورتحال جون کے وسط کے مقابلے بہتر ہیں لیکن اس بات میں کوئی شک نہیں کہ یہ بیماری ابھی موجود ہے اور کسی بے احتیاطی کے نتیجے میں دوبارہ بھڑک سکتی ہے۔ ڈاکٹر فیصل نے کہا کہ بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے تعلیمی اداروں کو بند کرنے کا فیصلہ سب سے اہم تھا جس کے خاطر خواہ نتائج بھی نکلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو ایک حد تک ہی بند کیا جاسکتا ہے کیوں کہ ہماری آئندہ نسل نے تعلیم حاصل کرنی ہے، ہنر سیکھنا ہے، ایک دوسرے سے رابطہ کرکے باہمی معاملات بھی سیکھنے ہیں اس لیے کسی نہ کسی پوائنٹ پر تعلیمی اداروں کو دوبارہ کھولنا ناگزیر تھا۔ ڈاکٹر فیصل نے کہا کہ اگر بیماری کے حالات ملک بھر میں بہتر نہ ہوتی تو ہم تعلیمی اداروں کو کھولنے کا سوچ بھی نہیں سکتے تھے لیکن اب ہم کافی بہتر صورتحال میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5 کروڑ طلبہ دوبارہ تعلیمی اداروں میں جانا شروع کریں گے تو خطرہ دوبارہ بڑھے گا اس خطرے کو کس طرح کنٹرول کرنا ہے جس میں ایک فیصلہ یہ کیا گیا ہے کہ مختلف عمر کے بچوں کے لیے تعلیمی ادارے مرحلہ وار کھولے جائیں گے تاکہ بچوں پر اس کے اثرات کا جائزہ بھی لیا جاسکے۔ ڈاکٹر فیصل نے بتایا کہ اس خطرے کو قابو میں رکھنے کے لیے جماعت میں بچوں کی تعداد کو کم رکھنا ہے جس کیلئے اسکول ایک جماعت کے بچوں کو دو کمروں میں یا مختلف اوقات میں تعلیم دیں، اس کے علاوہ سماجی فاصلہ بھی جماعت کے حجم کو کم کرکے برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بیماری کے لیے سب سے اچھی حکمت عملی ماسک کا استعمال ہے، ماسک خریدنے کی استطاعت کے حوالے سے اعتراض کا حل بتاتے ہوئے ڈاکٹر فیصل نے کہا کہ ضروری نہیں کہ سرجیکل ماسک استعمال کیے جائیں، کپڑے کا ماسک گھر میں بن سکتا ہے، 2 ماسک بنالیں اور دھو کر استعمال کرتے رہیں، ساتھ ہی ہاتھ دھونے یا سینیٹائزر سے ہاتھ صاف کرنے کو اپنانا ہوگا۔ معاون خصوصی برائے صحت نے بتایا کہ جو تعلیمی ادارے کھولے جائیں گے ان میں چند منتخب کرکے ایک تناسب سے ہر 2 ہفتے بعد اساتذہ اور طلبہ کا ٹیسٹ کیا جائیگا تاکہ ہم یہ دیکھ سکیں کہ بیماری کا پھیلاؤ کس طرف جارہا ہے اور کہیں ہمیں اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت تو نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کام صرف اسکول، صوبہ یا ملک اکیلے نہیں سنبھال سکتا کیوں کہ 3 لاکھ کے قریب اسکول ہیں، 5 کروڑ بچے جبکہ تقریباً 20 لاکھ اساتذہ ہیں لہٰذا کچھ کردار والدین اور اساتذہ کو بھی ادا کرنا ہوگا۔ ڈاکٹر فیصل نے والدین اور اساتذہ پر زور دیا کہ جن تعلیمی اداروں میں آپ کے بچے جارہے ہیں ان سے تعاون کریں، ان کی ہدایت پر عمل کریں، اس بیماری کے بارے میں آگاہی حاصل کریں اور اس سے بچنے کی احتیاطی تدابیر نہ صرف خود اختیار کریں بلکہ بچوں کو بھی سکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ جو بچے بیمار ہیں یا ان کی قوت مدافعت کم ہے انہیں پہلے مرحلے میں اسکول نہ بھیجیں دوسرا جن گھروں میں بزرگ موجود ہیں ان کا باہر سے آنے والے بچوں کا فاصلہ رکھنے کی کوشش کی جائے۔

شاٹل بقیہ 5

یقین دہانی اور ان سے استعفیٰ واپس لینے کی درخواست کی۔ حاجی نصیب اللہ اچکزئی اور حاجی محمود اچکزئی نے صوبائی وزراء اور پی اے پی کے رہنماؤں کو بتایا کہ صوبے میں بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت ہونے کے باوجود 2018ء سے لیکر ایک پشتون آباد اور گردونواح میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو بھی مسائل سے آگاہ کیا تھا لیکن علاقے کو کوئی ترقیاتی فنڈ نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام اپنے مسائل لیکر ہمارے پاس آتے ہیں لیکن اگلی کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے ہم نے علاقے کے معززین اور معتبرین سے صلاح مشورے کے بعد پارٹی سے استعفیٰ دیدیا تھا تاہم صوبائی وزراء اور پارٹی رہنماؤں کے میزبر لیکر آنے پر ہم نے انہیں عزت بخشتے ہوئے اپنا استعفیٰ واپس لینے کا اعلان کرتے ہیں۔ اس سے قبل صوبائی وزراء سردار عبدالرحمن کھیتران، حاجی اکبر آسکانی، نور محمد دمڑ، بی اے پی کے مرکزی رہنما سردار نور احمد ہنگوئی نے کہا کہ ہم وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی ہدایت پر صوبے کی بلوچ اور پشتون روایات کے مطابق میزبر لیکر ہیں اور انہیں یقین دہانی کراتے ہیں کہ علاقے کے مسائل حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی عوام کی بلا امتیاز خدمت پر یقین رکھتی ہے اور صوبے میں پہلی مرتبہ تمام علاقوں کو برابری کی بنیاد پر فنڈز فراہم کئے گئے ہیں پشتون آباد اور گردونواح کے مسائل حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پرانی میں اختلاف رائے جمہوری اقدار کی پاسداری کی ضمانت ہے ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ آپ کی وزیراعلیٰ سے ملاقات کرائیں گے تاکہ علاقے کے مسائل حل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی بلوچ اور پشتون روایات کے مطابق میزبر کو عزت بخشنے پر حاجی نصیب اللہ اور علاقے کے عوام کے شکر گزار ہیں۔

شاٹل بقیہ 6

موقعے پر وزیراعلیٰ سندھ اور صوبائی وزراء کو مخاطب ہوتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ نیشنل ڈاٹا سپیشلائزڈ (این ڈی ایم اے) مظلوم تعاون نہیں کررہا تو بھی آپ کو متاثرہ علاقوں میں ریلیف اینڈ رہیبلیٹیشن کو یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کو ریلیف اور متاثرہ علاقوں کی از سر نو بحالی کے کام کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بلا تاخیر بروئے کار لایا جائے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ یہ قابل ستائش ہے کہ شدید بارشوں کے دوران وزیراعلیٰ سندھ اور صوبائی وزراء عوام کے درمیان موجود رہے، کیونکہ ہم مشکل وقت میں عوام کو اکیلا چھوڑنے والے نہیں ہیں۔ دریں اثناء، سموں گوٹھ میں بلاول بھٹو زرداری کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے ہزاروں افراد جمع ہوگئے اور ان کی گاڑی پر گلپاشی کرتے ہوئے، جیئے بھٹو، زندہ ہے بھٹو زندہ ہے، زندہ X ہے بی بی زندہ ہے، جیسے نعرے لگاتے رہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے وہاں جمع ہونے والے عوام اور متاثرین برسات سے مختصر خطاب بھی کیا اور کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریبوں کی پارٹی ہے، حکومت سندھ آپ کے ساتھ ہے۔

شاٹل بقیہ 7

معاوضت سے طلب کیا تھا اجلاس میں خواتین اراکین صوبائی اسمبلی نے اتفاق رائے سے ڈیلو پی سی کے رولز میں بعض ضروری ترامیم کے بعد حتمی ڈرافٹ کی منظوری دے دی یہ رولز تو پیش کے لیے پیٹرن/ اسپیکر بلوچستان اسمبلی کو بھیجے جائیں گے جو بعد ازاں آٹھ ستمبر کو ہونے والے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پیش ہوں گے اور اسمبلی سے حتمی منظوری کے بعد ڈیلو پی سی کے ان ضابطہ کار کے باضابطہ نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے گا۔ منظوری شدہ رولز کے مطابق سیکرٹری بلوچستان اسمبلی ڈیلو پی سی کی چیئرپرسن کے انتخاب کا شیڈول جاری کریں گے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر رابیہ خان بلیدی نے کہا کہ ڈیلو پی سی کے رولز کی تشکیل اور اراکین سے منظوری ایک اہم پیش رفت ہے جو اس فورم کو فعال کرکے اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہوگی انہوں نے اس توقع کا اظہار کیا کہ تمام ممبران کی خصوصی دلچسپی اور پختہ عزم سے ڈیلو پی سی خواتین اراکین اسمبلی کا موثر پلیٹ فارم ثابت ہوگی اور بلوچستان کے مخصوص حالات میں خواتین اراکین اسمبلی قانون سازی کے ساتھ ساتھ پارلیمانی امور میں بھی اس پلیٹ فارم کے توسط سے فعال کردار ادا کرسکیں گی ڈیلو پی سی کی ممبران نے رولز ڈرافٹ کرنے اور بہتر تعاون پر سیکرٹری بلوچستان اسمبلی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس توقع کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی ڈیلو پی سی فورم کے لیے اپنے تعاون کے اس سلسلے کو جاری رکھیں گے اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی ڈاکٹر رابیہ خان بلیدی، اشرفی رند، زینت شاہوانی، ایڈوکیٹ ذریعہ، بانو طیل، فریدہ رند، شاہینہ کاکڑ، سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، جی این ڈی پی کے داود بنگلزئی نے بھی شرکت کی۔

شاٹل بقیہ 8

خصوصی برائے پیٹرولیم ندیم بابر سے ملاقات کے دوران گفتگو کررہے تھے۔ ملاقات میں قانون سازی، ملک کی مجموعی معاشی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سپیکر اسد قیصر نے کہا کہ قومی اسمبلی میں تمام سیاسی جماعتیں قومی اہمیت کے حامل معاملات پر یکساں موقف رکھتی ہیں۔ ان کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ ایوان کے اندر موجود تمام جماعتوں کو ایوان میں اظہار خیال کا مساوی موقع فراہم کیا جائے اور تمام معاملات کو افہام تفہیم سے حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 13 اگست 2020 کو اختتام پذیر ہونے والے پارلیمانی سال کے دوران قومی اسمبلی کارکردگی انتہائی شاندار رہی۔ کورونا وبا کے باوجود قومی اسمبلی کے اجلاس جاری رہے اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق قانون سازی عمل میں لائی گئی۔ سپیکر نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ مستقبل میں ایوان میں موجود سیاسی جماعتیں سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہوکر قومی مفاد کے حامل معاملات پر یکجہتی کا مظاہرہ کریں گی۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود اور معاشرے کے پسے ہوئے اور محروم طبقات کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا۔

شاٹل بقیہ 9

25 کروڑ روپے درکار ہوں گے۔ منصوبوں کے لیے رواں سال بجٹ صرف 32 ارب روپے مختص کیا گیا ہے، ٹرانسلا ریشن پلان کے منصوبوں پر اب تک 47 ارب 18 کروڑ روپے خرچ ہوچکے ہیں، پلان کے تحت ماس ٹرانزٹ سسٹم کے 6 منصوبوں کا اعلان کیا جائے گا، ماس ٹرانزٹ سسٹم کے 447 ارب 43 کروڑ روپے کے منصوبوں کا اعلان کیا جائے گا۔ دستاویزات کے مطابق ماس ٹرانزٹ کا 300 ارب روپے مالیت کا کراچی سرکلر ریلوے پلان میں شامل ہے، کراچی سرکلر ریلوے کے لیے 250 ارب روپے چینی حکومت فراہم کرے گی، سندھ حکومت کراچی سرکلر ریلوے کے لیے 50 ارب روپے فراہم کرے گی۔ دستاویزات کے مطابق سیورنج کے 8 منصوبوں کا تخمینہ 162 ارب 60 کروڑ روپے لگایا گیا ہے، سالڈ ویسٹ منیجمنٹ کے چار منصوبوں کا تخمینہ 14 ارب 86 کروڑ روپے لگایا گیا ہے، واٹر ڈرینیز کے دو منصوبوں کی لاگت کا تخمینہ 4 ارب 70 کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ دستاویزات کے مطابق سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبوں کا تخمینہ 62 ارب 30 کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ خیال رہے کہ بارشوں کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے وزیراعظم عمران خان ہفتہ کو کراچی کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزراء، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) حکام اور پارٹی قائدین وزیراعظم کے ہمراہ ہوں گے، وہ دورے میں گورنر سندھ اور وزیراعلیٰ مراد علی شاہ سے بھی ملاقات کریں گے اور کراچی ٹرانسلا ریشن پلان کا بھی اعلان کریں گے۔

شاٹل بقیہ 10

کریانوں میں ہاتھ ڈالنے کی ضرورت ہے، اب ان لٹیروں سے حساب کتاب کرنے کی ضرورت ہے جو ہر حکومت میں شامل ہوتے ہیں، 70 سال سے اقتدار پر مسلط ظالم جاگیرداروں، سرمایہ داروں جرنیلوں، نواب زادوں اور خانزادوں کو قوم نے دیکھا ہے انہوں نے ہمارا حال اور مستقبل دونوں تباہ کئے۔ حکمران پاکستان کے نظریے اور جغرافیے کی حفاظت نہیں کرسکے۔ ملک میں انصاف بکتا ہے اور پیسے والا انصاف کو خریدتا ہے۔ پارلیمنٹ کے اندر قوم کے لئے نہیں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کیلئے قانون سازی ہوتی ہے۔ طبقاتی نظام تعلیم نے قومی یکجہتی کو پارہ پارہ کردیا ہے۔ کراچی سے چترال تک پورا ملک پانی میں ڈوبا ہوا ہے، بیگناہ لوگ جان سے گئے مگر حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی۔ حکمران سمجھتے ہیں کہ غریب مررہے ہیں، ان کا کیا ہے یہ تو مرتے رہتے ہیں۔ لبرل اور سیکولر ایٹی اسلام کے مطلا کردہ خاندانی نظام کو توڑنا چاہتی ہے۔ اسلام ایسے معاشرے کی تشکیل کا حکم دیتا ہے جس میں حیا اور پاکیزگی ہو۔ جناب ایک سوچ، فکر اور نظریے کی علامت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی ہوٹل میں عالمی یوم حجاب کے موقع پر خواتین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک کو اسلامی و خوشحال پاکستان بنانے کی جدوجہد کررہی ہے تاکہ خواتین کو ان کا وہ مقام دیا جاسکے جو اسلام نے ان کو عطا کیا ہے۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دردانہ صدیقی نے کہا کہ حجاب اور پردے نے مسلمان عورت کو جو وقار دیا ہے، اس نے مسلم معاشرے کو ایک حسن بخشا ہے جبکہ مغرب اور یورپ کے معاشرے میں جرائم بڑھ رہے ہیں۔ ایک پرامن اور باوقار معاشرے کی تشکیل کے لیے عورت کے مقام و مرتبے کا تحفظ انتہائی ناگزیر ہے۔ بے حجاب معاشروں میں عورت غیر محفوظ اور جرائم بڑھ رہے ہیں جبکہ باحجاب معاشروں میں نہ صرف عورت کو تحفظ حاصل ہے، بلکہ معاشرے میں جرائم کی شرح بھی مسلسل کم ہورہی ہے۔

شاٹل بقیہ 11

نوجوانوں کو غیر نصابی سرگرمیوں کی طرف خاص طور پر کھیل کے میدان کو آباد کرنے سے نوجوان معاشرتی برائیوں اور منشیات کی لعنت سے محفوظ رہ سکتے ہیں نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور کھیلوں کی فروغ کیلئے روز اول سے تعاون جاری ہے انہوں نے کہا کہ علاقے میں پانی، گیس، بجلی، سڑکوں کی پختگی تعلیم اور صحت کو خصوصی ترجیح کے ساتھ کھلاڑک توصارہ جیلی میں سپورٹس کمپلیکس اور اسٹیڈیم کی منظوری کیلئے بھی تگ و دو کررہا ہوں انہوں نے کہا کہ عوام نے جس خدمت اور اپنے بنیادی مسائل کے حل کیلئے موقع دیا ہے اس پر بھرپور طریقے سے کوشاں ہوں کیونکہ ماضی میں صرف عوام کو نعروں کے ذریعے دھوکہ دیکر ان کے بنیادی مسائل پر کوئی توجہ نہیں دی گئی تقریب سے سابق ناظم ملک عثمان کاکڑ، حاجی ظہر الدین کاکڑ و دیگر نے خطاب کیا اس موقع پر دونوں ٹیموں اور نوجوانوں کیلئے تین لاکھ روپے کا اعلان کیا گیا اس سے قبل مہمان خصوصی و دیگر شخصیات کا گرائونڈ پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔

شاٹل بقیہ 12

میونسپل کمیٹی محمد سلیم ڈومکی کے ہمراہ پبلک لائبریری کی عمارت کا دورہ کرنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پبلک لائبریری نہ ہونے کی وجہ سے نوجوان کتب بینی سے محروم تھے نوجوانوں کو کتب بینی کی جانب راغب کرنے کے لیے پبلک لائبریری کو مکمل طور پر سہولیات سے آراستہ کیا جارہا ہے پبلک لائبریری میں لڑکیوں کے لیے الگ کمرے کا اہتمام کیا گیا ہے پبلک لائبریری میں مختلف موضوعات پر مبنی کتابیں رسالے اخبارات بھی رکھے جائیں گے تاکہ لائبریری میں آنے والے افراد کو ہر طرح کی معلومات مل سکے اور بہتر ماحول میں کتابوں کے مطالعے کیساتھ نصابی سرگرمیاں اور مختلف کورسز بھی کرسکیں گے اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ پبلک لائبریری کو کسی ایک محکمے کی نگرانی میں دینے کے بجائے ایک بورڈ بنا کر اسکے سپرد کی جائے گی پبلک لائبریری کی کمیٹی لائبریری کے تمام تر انتظامات اور دیکھ بھال سمیت وقتاً فوقتاً نئی کتابیں جریدے بھی مہیا کرتی رہے گی اسسٹنٹ کمشنر بلال شبیر اور چیف آفیسر محمد سلیم ڈومکی نے تین روز کے اندر پبلک لائبریری کی مکمل صفائی پانی کی فراہمی کو بھی یقینی بنانے کے بھی احکامات جاری کئے۔

شاٹل بقیہ 13

والد محمد عثمان اور صورت خان والد غل محمد زخمی ہوگئے ہیں زخمیوں کو فوری طور پر سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کردیا گیا ہے۔ ایم ایس ڈاکٹر جاوید اختر کے مطابق سریاب بم دھماکہ کے تین زخمی شعبہ حادثات سول ہسپتال لائے گئے ہیں جنہیں معمولی نوعیت کی چوٹیں آئی ہیں تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے، دوسری جانب پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے تحقیقات شروع کردی ہے۔

شاٹل بقیہ 14

پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی۔ محکمہ صحت کے مطابق بلوچستان کے ضلع پشین سے پولیو کا نیا کیس رپورٹ ہوا ہے، پشین کی یونین کونسل علی زئی کے 34 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، بچے کے نمونے 19 اور 20 اگست کو لئے گئے تھے، جس کے بعد رپورٹ میں وائرس کی نشاندہی ہوئی، بلوچستان میں پولیو مہم پانچ ماہ معطل رہی جس کے باعث پولیو کے کیسز میں اچانک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، صوبے میں رواں برس پولیو کے کیسز کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔ جبکہ گزشتہ برس پولیو کے 12 کیسز رپورٹ ہوئے تھے

شاٹل بقیہ 15

کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ کی رہائشی عمر میں کیس سلنڈر کا دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں خاتون سمیت چار افراد عبداللہ، ذوالفقار، دلاور، پروشہ زخمی ہوگئے پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شاٹل بقیہ 16

مطابق کوہلو میں گزشتہ روز مری کالونی کے قریب مازدی کیس کمپنی کے ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 15 سالہ نوجوان مالک موقع پر جاں بحق جبکہ شاہ دوست نامی شخص زخمی ہوگیا جنہیں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں طبی امداد کے بعد ملتان ریفر کردیا گیا جاں بحق کے ورثا اور شہریوں نے لاش ٹریفک چوک پر رکھ کر شدید احتجاج ریکارڈ کرتے کوہلو ملتان قومی شاہراہ پر ڈیڑھ گھنٹہ کیلئے ٹریفک بند کردیا اور ڈمپر کے ڈرائیور اور گاڑی کو پکڑنے کا مطالبہ کیا ہے ایس ایچ او مسی میر حق نواز حسنی اور لیویز فورس نے لاسے زیادتی کے مقام پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے گاڑی کے ڈرائیور کو گرفتار کرکے

شاٹل بقیہ 17

انتخاب کے متفقہ امیدوار کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان اسمبلی میں قائد ایوان وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت بلوچستان حکومت کی اتحادی جماعتوں بلوچستان عوامی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، عوامی نیشنل پارٹی، بی این پی (عوامی)، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کا مشترکہ اجلاس ہفتہ کو ہوگا اجلاس میں سینٹ کے ضمنی انتخاب میں متفقہ امیدوار لانے کے حوالے سے غور و خوض کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ عوامی نیشنل پارٹی پہلے ہی حکومتی اتحادی امیدوار کی حمایت کا اعلان کرچکی ہے جبکہ بلوچستان عوامی پارٹی سے خالد بزنجو، بی پی آئی کے ڈاکٹر منیر بلوچ، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی سے اصغر علی چنگیزی نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے ہیں۔

شاٹل بقیہ 18

قابل تشویش ہے کہ پاکستانی دانشور سول ایوارڈ لینے سے معذرت کررہے ہیں۔ ایک بیان میں سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ پہلے تاج جویو نے پیٹے کے لالچ ہونے پر حسن کارکردگی ایوارڈ لینے سے انکار کیا، اب شاعرہ فہمیدہ نسرین کی بیٹی نے صحافیوں کے اغوا اور تشدد پر مرحوم والدہ کیلئے ایوارڈ نہیں لیا۔ رضا ربانی نے کہا کہ جہاں دانشور سوچ کو ریاستی پالیسی کے تحت دبایا جارہا ہو وہ معاشرہ مردہ ہوجاتا ہے، تاریخ گواہ ہے جہاں حکمران اشرافیہ نے دانشوروں کا گلا گھونٹا وہ معاشرہ تاریخ کے کوڑے دان میں گیا۔

شاٹل بقیہ 19

دورہ کراچی پر بیان میں کہا ہے کہ عمران صاحب سیلاب کے بعد اگلے دن ہی آپ کو کراچی جانا چاہیے تھا۔ جمعہ کو انہوں نے کہا کہ عمران صاحب کو کراچی بھیجنے کے لئے شہباز شریف کو کراچی جانا پڑا، شہباز شریف نے عمران صاحب کو احساس دلایا کہ کراچی جاکر وہاں کے عوام کو مدد کریں عمران صاحب آپ نے جو پہلے اعلان کیا تھا، وہ آج تک کراچی کو نہیں ملے، عمران صاحب امید ہے اب جو اعلان کریں گے، وہ پیسے کراچی والوں کو ضرور ملیں گے، پی ٹی آئی کے کراچی سے 14 پاپند ایم این ایز کو ساتھ کراچی لے جانا نہ بھولنا۔

شاٹل بقیہ 20

پاکستانیوں کو ایوارڈ لینے کا حق مل گیا۔ جمعہ کو وزیراعظم اور وفاقی کابینہ نے آئینی ترمیم پارلیمنٹ میں پیش کرنے کی منظوری دے دی اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان نے بتایا کہ تمام سیاسی جماعتوں نے تارکین وطن کو ووٹ کا حق دینے کا وعدہ کیا، معاملہ وعدوں سے آگے تکمیل تک نہیں پہنچایا جاسکا تھا۔ بابر اعوان نے کہا کہ عمران خان نے اوورسیز پاکستانیوں سے کیا وعدہ پورا کردیا، ترمیم کی منظوری کیلئے معاملہ پارلیمنٹ میں لے کر جائیں گے۔ بابر اعوان نے کہا کہ نئی ترمیم کے تحت دہری شہریت کا حامل شخص الیکشن لڑنے کا اہل ہوگا، الیکشن ہارنے کی صورت میں دہری شہریت چھوڑنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن جیتنے کی صورت میں عہدے کا حلف اٹھانے سے پہلے شہریت چھوڑنا ہوگی۔

شاٹل بقیہ 21

بلانے کا حکم دے دیا، وزیراعظم آفس کے مطابق اکائیات سے متعلق شہریوں کی رائے پر دوبارہ جائزہ پڑتال کی جائے۔ وزیراعظم عمران خان نے اکائیات کے حل سے غیر مطمئن شہریوں کیلئے اہم فیصلہ کرتے ہوئے شہریوں کی اکائیات کے مناسب حل کیلئے ماہانہ اجلاس بلانے کا حکم دیدیا اس حوالے سے وفاقی اداروں، صوبائی چیف سیکریٹریز اور آئی جیز کو مراسلہ جاری کردیا گیا ہے، مراسلے میں وزیراعظم آفس نے کہا کہ اکائیات، شہریوں کی رائے پر ماہانہ اجلاس بلایا جائے اور اکائیات سے متعلق شہریوں کی رائے پر دوبارہ جائزہ پڑتال کی جائے۔ مراسلے میں کہا گیا کہ پورٹل پر 5 لاکھ سے زائد افراد نے اکائیات کے ازالے کی تصدیق کی، وزیراعظم کی ہدایات پر اکائیات کی دوبارہ جائزہ پڑتال کی جائے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق افسران پورٹل پر موصول رائے کا ذمہ داری کیساتھ جائزہ لیں، پہلے مرحلے پر 1 لاکھ سے زائد اکائیات کی جائزہ پڑتال کی گئی، پورٹل پر مزید 28 فیصد شہریوں نے اطمینان کا اظہار ہے۔

شاٹل بقیہ 22

وفاقی حکومت نے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ہے، حب شہر کے اجتماعی مسائل کے لئے ایک ماسٹر پلان ترتیب دیا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیڈز ریس

پولیو موذی مرض ہے، حکومت اسکے خلاف جنگی بنیادوں پر کام کر رہی ہے، ڈاکٹر میاں خان بازئی

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سولنگی نے بتایا کہ ضلع سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم 21 سے 25 ستمبر تک جاری رہے گی

پولیو کا مکمل خاتمہ ہمارا ہدف، مہم کو کامیاب بنانے کیلئے ہر طبقہ فکر کے لوگوں کو کردار ادا کرنا چاہیئے، ڈپٹی کمشنر سبی

خضدار ممتاز قانون دان عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، نجم مینگل ایڈووکیٹ، قاضی نجیب، میر سنزر علی زہری فوت شدگان کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا ہے کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جس کے خلاف حکومت جنگی بنیادوں پر کام کر رہی ہے پولیو کا مکمل خاتمہ ہمارا ہدف ہے مہم کو کامیاب بنانے کیلئے ہر طبقہ فکر کے لوگوں کو کردار ادا کرنا چاہیئے پولیو ورکرز کو چاہیئے کہ وہ قطرے پلانے سے پہلے بچوں کے والدین کو قطروں کے فوائد اور نہ پلانے کے نقصانات سے آگاہ کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سولنگی، ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر رفیق مستوئی، ڈاکٹر ظفر، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی محمد انیس مندوخیل و دیگر بھی موجود تھے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سولنگی نے بتایا کہ ضلع سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم 21 سے 25 ستمبر تک جاری رہے گی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پولیو ایک موذی مرض ہے پولیو بچوں کو ہمیشہ کے لیے اپاہج کرتا ہے، مہر اللہ بادینی

والدین کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ پانچ سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں

اپنے بچوں کو پولیو سے بچانے کے کے لیے حکومتی کوششوں کا ساتھ دیں، ڈپٹی کمشنر زیارت

زیارت (این این آئی) ڈپٹی کمشنر زیارت کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر داود خان، ڈاکٹر عبداللہ و تائی ڈی ایس ایم ڈاکٹر فرید اللہ اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ زیارت میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر کو شروع ہوگی اور 25 ستمبر کو اختتام تک پہنچے گی، مہم میں تیس ہزار نو سو اکاون بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے اجلاس سے

بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

انڈر 21 انٹر ریجنل سوئمنگ چیمپئن شپ کیلئے پشاور ریجنل کے ٹرائلز 7 ستمبر کو منعقد ہونگے

پشاور (این این آئی) انڈر 21 خیبر پختونخوا گیمز کے سلسلے میں انٹر ریجنل سوئمنگ چیمپئن شپ کے پشاور ریجنل کے اوپن ٹرائلز 7 ستمبر کو پشاور سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہونگے۔ انٹر ریجنل سوئمنگ چیمپئن شپ 9 ستمبر کو پشاور میں منعقد ہوگی جس میں قبائلی اضلاع سمیت خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع کے تیراک شرکت کریں گے۔

بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

عاصم باجوہ کا کرپشن کے الزامات لگنے کے بعد استعفیٰ دینا خوش آئند ہے، حافظ حسین احمد

بقول عاصم سلیم باجوہ اگر معروف سینئر صحافی احمد نورانی نے ان کے اثاثوں کے حوالے سے غلط رپورٹنگ کی ہے

مکمل تحقیقات میں بیگناہی ثابت ہونے تک عاصم سلیم باجوہ کو "سی پیک" کا عہدہ بھی چھوڑ دینا چاہیے، سابق سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان اور ممتاز پارلیمنٹرین حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ "پانامہ" کی طرز پر عاصم سلیم باجوہ پر کرپشن کے الزامات لگنے کے بعد ان کا وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے اطلاعات کے عہدے سے استعفیٰ دینا خوش آئند ہے مکمل تحقیقات میں بیگناہی ثابت ہونے تک عاصم سلیم باجوہ کو "سی پیک" کا عہدہ بھی چھوڑ دینا چاہیے۔ وہ جمعہ کو اپنی رہائشگاہ جامعہ مظفر العلوم میں

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

اوتھل وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کے مشیر ڈاکٹر ثنیش کمار پلیجا سے ترجمان لسبیلہ سول سوسائٹی امان اللہ لاڑی گفتگو کر رہے ہیں

کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ پر غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ کیا جائے، رحیم آغا

سب سے پہلے کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ پر غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ کیا جائے، انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین حاجی نصر اللہ دین کاکڑ حاجی یعقوب شاہوانی کاکڑ حاجی اسلم ترین محمد حسین ہزارہ اور سید حیدر آغا نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں حکومت کی توجہ چمن بارڈر کھولنے کیلئے دیے جانے والے دھرنے کے شرکاء کے حل طلب مطالبات کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا ہے کہ چمن میں انجمن تاجران بلوچستان چمن علاقی اتحادی پارٹیز نے چمن بارڈر کو دو مارچ سے پہلے والے پوزیشن پر بحال کرانے کے لیے طویل انتظار اعصاب شکن اور پرامن جدوجہد کی اس دوران ناخوشگوار واقعہ پیش آنے کی وجہ سے کئی بے گناہ افراد شہید اور زخمی ہوئے۔

اسلام آباد کے ہسپتالوں اور صحت کے اداروں میں مستقل سربراہ نہیں، قائمہ کمیٹی برائے صحت کو بریفنگ

اگر یہ حالات وفاق میں ہیں تو پھر صوبوں میں کیا ہوگا وزارت کے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہیں، کمیٹی برہم

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کو بتایا گیا ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ہسپتالوں اور صحت کے اداروں میں مستقل سربراہ نہیں، اکثر ہسپتالوں اور اداروں میں تعینات سربراہ ایڈہاک، عارضی اور اضافی کام سے جس پر کمیٹی نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہ حالات وفاق میں ہیں تو پھر صوبوں میں کیا ہوگا وزارت کے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہیں۔ جمعہ کو سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کا اجلاس خوش بخت شجاعت کی زیر صدارت ہوا جس میں اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کا معاملہ زیر غور آیا۔ سینیٹر جاوید عباسی نے کہا کہ اسلام آباد میں نجی ہسپتال اور کلینک کی مثرم کی طرح گرتھ ہو رہی ہے، نجی کلینک اور ہسپتال لوٹ رہے ہیں مگر کوئی پوچھنے والا نہیں۔

قبائلی رہنماء میر کریم بخش لانگو کی اہلیہ اور مکری شفقت لانگو کی چچی کی وفات پر سردار عاصم سرپرہ بی این پی کے رہنماء عبداللہ جان مینگل میر تاج محمد کلوئی و دیگر تعزیت کر رہے ہیں

رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں برآمدات میں 4.27 فیصد کمی، ادارہ شماریات

راولپنڈی (این این آئی) ادارہ شماریات نے تجارتی اعداد و شمار جاری کر دیے، جس کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں برآمدات میں 27.4 فیصد

بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

نیر بخاری کا اورنگزیب خان ہوتی کے انتقال پر اظہار دکھ و افسوس

مرحوم اورنگزیب خان ہوتی کی پارٹی کے لیئے خدمات ہمیشہ یاد رہیں گی، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل سید نیر بخاری نے پی پی پی ضلع مردان کے صدر اورنگزیب خان ہوتی کے انتقال پر اظہار دکھ و افسوس کیا ہے۔ ایک بیان میں نیر بخاری نے اورنگزیب خان ہوتی کے ناگہانی انتقال پر سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

معاون خصوصی زلفی بخاری سے فلم اسٹار شان شاہد کی ملاقات

اصل پاکستانی ہیرو کیساتھ ملکر کام کرنے کے خواہشمند ہیں، زلفی بخاری

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی زلفی بخاری نے فلم اسٹار شان شاہد سے ملاقات میں فلم انڈسٹری، ثقافتی ورثہ پر بات کی اور کہا کہ اصل پاکستانی ہیرو کیساتھ ملکر کام کرنے کے خواہشمند ہیں۔ تفصیلات کے مطابق معاون خصوصی زلفی بخاری سے فلم اسٹار شان شاہد کی ملاقات ہوئی، ملاقات میں مقامی ثقافت، فلم انڈسٹری کو بہتر بنانے کیلئے مختلف تجاویز پر گفتگو کی

بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لئے پرعزم ہے، سید حسین ہاشمی

پاکستان کا دفاع ماضی کی نسبت مضبوط اور ناقابل تسخیر ہے بلوچستان پاکستان کی ترقی کا شہ رگ ہے

بلوچستان سمیت دیگر علاقوں میں دہشتگری پھیلانے کی مذموم کوششوں میں مصروف رہتے ہیں، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسین ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع ماضی کی نسبت مضبوط اور ناقابل تسخیر ہے بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لئے پرعزم ہے۔ یہ بات انہوں نے یوم دفاع کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ پاکستان نے 1965 میں ثابت کیا کہ اسکا دفاع ناقابل تسخیر ہے افواج

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

زیارت ڈپٹی کمشنر زیارت کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے تمام گیٹ وے سمیت 100 سٹیز کی تعمیر و ترقی و خوبصورتی کے لئے ماسٹر پلان تیار کیا جا رہا ہے، ڈاکٹر ثنیش کمار پلیجا

وفاقی حکومت نے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ہے، حب شہر کے انتظامی مسائل کے لئے ایک ماسٹر پلان ترتیب دیا جا رہا ہے، مشیر برائے اقلیتی امور

حب (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب جام کمال خان عالیانی کے مشیر برائے اقلیتی امور و بین المذاہب ہم آہنگی ڈاکٹر ثنیش کمار پلیجا نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام گیٹ وے سمیت 100 سٹیز کی تعمیر و ترقی و خوبصورتی کے لئے ماسٹر پلان تیار کیا جا رہا ہے جس میں وفاقی حکومت نے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ہے، حب شہر کے انتظامی مسائل کے لئے ایک ماسٹر پلان ترتیب دیا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیڈ اریسٹ ہاؤس حب میں سول سوسائٹی کے رہنماؤں سمیت علاقائی معززین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ڈاکٹر ثنیش کمار پلیجا نے کہا کہ سول سوسائٹی کے رہنماؤں

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر کے حدود میں دکانداروں کی مال بردار گاڑیوں کی پکڑ دھکڑ اور انہیں تنگ کرنے کی مذمت کرتے ہیں، بدرالدین کاکڑ

بلوچستان کی کوئی صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھنے کی اجازت نہیں دے گی، ایوان صنعت و تجارت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر بدرالدین کاکڑ نے کوئٹہ شہر کے حدود میں دکانداروں کی مال بردار گاڑیوں کی پکڑ دھکڑ اور انہیں تنگ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کسی کو بھی صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھنے کی اجازت نہیں دے گی۔ ان خیالات کا

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

الخدمت فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمتگار ادارہ ہے، سید احسان اللہ وقاص

بلا رنگ و نسل قوم و قبیلہ انسانیت کی خدمت ادارے کا نصب العین ہے، الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان

خضدار (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے مرکزی نائب صدر سید احسان اللہ وقاص مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر مشتاق احمد منگلے اور صوبائی صدر جمیل احمد کرد نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمتگار ادارہ ہے۔ بلا رنگ و نسل قوم و قبیلہ انسانیت کی خدمت ادارے کا نصب العین ہے، چین کے سرحد سے لیکر گوادر تک جب بھی اہلیان وطن پر قدرتی آفات یا کوئی اور مصیبت آئی تو الخدمت فاؤنڈیشن کے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

سردار یار محمد رند کا پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی کمیٹی کے اعزاز میں ظہرانہ

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سربراہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان، صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے جمعہ کو پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی کمیٹی کے اعزاز میں ظہرانہ دیا جس میں صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ میر عمر جمالی، ارکان صوبائی اسمبلی میر نعمت زہری، مبین خان کاکڑ، ایم این اے منور مینگل،

بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کوسٹل بریوری اینڈ ڈسٹلیری کے نام سے نئی ڈسٹلری کمپنی کو لائسنس جاری کر دیا گیا

قیام پاکستان کے بعد صوبے کی پہلی ڈسٹلری کمپنی اپنی سرگرمیوں کا آغاز آئندہ ماہ سے شروع کریگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کوسٹل بریوری اینڈ ڈسٹلیری کے نام سے نئی ڈسٹلری کمپنی کو لائسنس جاری کر دیا گیا قیام پاکستان کے بعد صوبے کی پہلی ڈسٹلری کمپنی اپنی سرگرمیوں کا آغاز آئندہ ماہ سے شروع کریگی۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ذرائع کے مطابق بلوچستان

بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

حکمران سب کچھ جانتے ہوئے مسائل کو حل کرنے کے بجائے مزید پیچیدہ کرتے جا رہے ہیں

بھوک ہڑتال پر بیٹھے کسی ساتھی کو نقصان پہنچا تو ذمہ دار حکومت ہوگی، دھرنے سے حاجی عبداللہ خان صافی، جان بلیدی اور دیگر کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) تحریک بحالی بولان میڈیکل کالج کے زیر اہتمام احتجاجی دھرنا ریڈ زون کے باہر جمعہ کو بھی جاری رہا دھرنے میں تادم مرگ بھوک ہڑتالی مظاہرین کھلے آسمان کے نیچے دھوپ کی شدت برداشت کرتے ہوئے بھوکے پیاسے احتجاج ریکارڈ کرا

بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اور سعودی عرب ایک دوسرے کی قلعیں اور ڈرامے اپنے اپنے ملک میں دکھائیں گے، فیصل جاوید

وزیر اعظم عظیم رہنما ہیں، پاکستان کی خوبصورتی سے متاثر ہوں، خوبصورت چہرہ دنیا میں اجاگر ہونا چاہیئے، نواف بن سعید المالکی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر فیصل جاوید خان کی پاکستان میں تعینات سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی کی دعوت پر سعودی سفارتخانے میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر طے کیا گیا کہ دونوں ممالک کے عوام کو ایک دوسرے کے مزید قریب لانے کے لئے دونوں ممالک کے کلچر اور ثقافت سے عوام کو روشناس کروایا جائے گا۔ اس مقصد کے لئے سعودی عرب میں اسلامی تاریخ اور سعودی کلچر پر بننے والی فلموں اور ڈراموں کو اردو زبان میں ڈبنگ کر کے پاکستانی میڈیا پر چلایا جائے گا۔

مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے خواہشمند افراد کی تعداد میں اضافہ، اس بات کی دلیل ہے کہ پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچ چکا ہے، عبدالقادر بلوچ

لوگ مسلم لیگ (ن) کے بیانیے کے ساتھ ہیں، بلند بانگ دعوے اور پارٹی میں شمولیت میں رخنہ ڈالنے کے باوجود شمولیت کا سلسلہ جاری رہا، بہال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر بہال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) قومی جماعت ہے جو پاکستان کو مسائل کے دلدل سے باہر نکال سکتی ہے، مسلم لیگ (ن) کو دیوار سے لگانے کے نتائج ثابت نہیں ہوئے، لوگوں کی بڑی تعداد اور تمام تر رکاوٹوں کے باوجود بھی شمولیت کے لئے تیار

بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ایکسائز اینٹی ٹارکوٹکس فورس لسبیلہ کی کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کاروائی بھاری مقدار میں منشات برآمد

حب (این این آئی) ایکسائز اینٹی ٹارکوٹکس فورس لسبیلہ کی کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کاروائی بھاری مقدار میں منشات برآمد، گاڑی کی منشیات کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جاتی ہے تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ زون بلوچستان محمد زمان خان

بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

اسلامی جمہوری مملکت میں صحابہ کے خلاف ہرزہ سرائی قابل مذمت ہے، مولانا عبدالصمد قاسمی شاہوانی

خضدار (این این آئی) جمعیت علماء اسلام خضدار تحصیل کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالصمد قاسمی شاہوانی نے کہا ہے کہ ملک میں صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کی توہین اور ان کے خلاف لب کشائی پوری پاکستانی قوم کے لئے المیہ اور اس پر خاموشی اجتماعی گناہ کے مرتکب ہونے کے مرتکب ہے۔ حکمرانوں کو اس بات کا ضرور نوٹس لینا چاہیے۔

کوئٹہ صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی زمیندار ایکشن کمیٹی کیساتھ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بدقسمتی سے سفارشی کلچر، کرپشن، میرٹ کی حوصلہ شکنی اور نااہلی کی وجہ سے کھیلوں میں کارکردگی بتدریج غیر معیاری ہوتی چلی گئی، وزیر اعظم

ضلعی سطح پر ٹیلنٹ ہنٹ اور مقابلہ سازی کے لئے تنظیمی ڈھانچے کی از سر نو تشکیل سازی کی ضرورت ہے، عمران خان کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں کھیلوں کا بے پناہ پوٹینشل ہے، ماضی میں ہمارے کھلاڑیوں نے کرکٹ، ہاکی، اسکواش اور دیگر روایتی کھیلوں میں سالہا سال ملک کا نام روشن کیا، بدقسمتی سے سفارشی کلچر، کرپشن، میرٹ کی حوصلہ شکنی اور نااہلی کی وجہ سے کھیلوں میں کارکردگی بتدریج غیر معیاری ہوتی چلی گئی، ضلعی سطح پر ٹیلنٹ ہنٹ

بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

حکومت حالیہ بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگا رہی ہے، اسد قیصر

حکومت بارشوں کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کا ازالہ کرے گی، مشکل وقت میں حکومت متاثرہ خاندانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی رہے گی، اسپیکر اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ حکومت حالیہ بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگا رہی ہے، حکومت بارشوں کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کا ازالہ کرے گی، مشکل وقت میں حکومت متاثرہ خاندانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی رہے گی، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی کو اپنے علاقوں میں رہنے کی ہدایت کی ہے، بارشوں سے لوگوں کے جان اور املاک کا نقصان پہنچا ہے، اس ضمن میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان سے بھی رابطہ ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع صوابی میں حالیہ بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دورے کے دوران ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

جعلی ڈومیسائل ہماری حق تلفی کے مترادف ہے، یعقوب ناصر

جنکا ہمارے اضلاع سے تاریخی طور پر کوئی تعلق نہیں انھیں جعلی ڈومیسائل بنانے کا حق کس قانون کے تحت دیا گیا

صوبے اور ژوب ڈویژن میں جاری ڈومیسائل فوری طور پر ختم کیئے جائیں، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ

کراچی پی پی پی کے سیکرٹری اطلاعات سردار سرفراز خان جوگیزئی و دیگر سابق وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کے انتقال پر دکھ و افسوس کا اظہار کر رہے ہیں

نورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ صوبے اور ژوب ڈویژن میں جاری ڈومیسائل فوری طور پر ختم کیئے جائیں جنکا ہمارے اضلاع سے تاریخی طور پر کوئی تعلق نہیں انھیں جعلی ڈومیسائل بنانے کا حق کس قانون کے تحت دیا گیا ہمارے پی ایچ ڈی ایم فل اور ایم اے پاس نوجوان بے روزگار اور وہ نشے کے طرف جا رہے ہیں لیکن دوسرے جانب ہمارے صوبے سے تعلق نہ ہونے والوں کو وفاقی فیڈرل پبلک سروس کمیشن اور صوبے و بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں ان جعلی ڈومیسائل کے حامل ڈگری ہولڈرز ہمارے حق پر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے جس کی وجہ سے ہمارے معصوم بچے زندگی بھر کیلئے معذور ہو کر دوسروں پر بوجھ بن جاتے ہیں

پولیو کے خاتمے کے لئے محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ عوامی تعاون ناگزیر ہے، عوامی تعاون کے بغیر کسی بھی پولیو کا خاتمہ ممکن نہیں ہے، ڈپٹی کمشنر محبوب احمد ایڈووکیٹ

مستونگ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محبوب احمد ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے جس کی وجہ سے ہمارے معصوم بچے زندگی بھر کیلئے معذور ہو کر دوسروں پر بوجھ بن جاتے ہیں پولیو کے خاتمے کے لئے محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ عوامی تعاون ناگزیر ہے عوامی تعاون کے بغیر ملک سے پولیو کا خاتمہ ممکن نہیں ہے۔ مستونگ میں 21 ستمبر سے شروع ہونے والے پولیو مہم کی کامیابی کیلئے کسی قسم کی کوتاہی اور لاپرواہی ناقابل قبول ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں

بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا اسمبلی کا فرانسیسی جریدے میں گستاخانہ مواد کی دوبارہ اشاعت پر شدید غم و غصہ کا اظہار

مغربی ممالک آزادی اظہار رائے کے نام پر اسلامی شعائر کی توہین کر کے مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچا رہے ہیں، انہیں روکا جائے، مطالبہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی نے فرانسیسی جریدے میں گستاخانہ مواد کی دوبارہ اشاعت پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ مغربی ممالک آزادی اظہار رائے کے نام پر اسلامی شعائر کی توہین کر کے مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچا رہے ہیں انہیں روکا جائے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے اجلاس میں جماعت اسلامی کے عنایت اللہ نے

بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

منشیات ایک ناسور ہے اسے ختم کر کے ہی دم لیں گے، ایس پی جھل مگسی عبداللطیف بلوچ

جھل مگسی (این این آئی) ایس پی جھل مگسی عبداللطیف بلوچ نے اپنے آفس میں محکمہ کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن امان برقرار رکھنا اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کرنا پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انھوں نے کہا کہ منشیات ایک ناسور ہے اسے ختم کر کے ہی دم لیں گے۔

پی آئی اے کی آکا آپریشنل سیفٹی آڈٹ کی تیاریاں مکمل

آکا کی ٹیم سوموار کے روز سے پی آئی اے کا آپریشنل سیفٹی آڈٹ کریگی

لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کی آکا آپریشنل سیفٹی آڈٹ کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں، آکا کی ٹیم سوموار کے روز سے پی آئی اے کا آپریشنل سیفٹی آڈٹ کرے گی۔ آڈٹ ہر دو سال بعد ہوتا ہے جس میں معیار پر مکمل اطمینان کے بعد آپریشنل کلیئرنس سرٹیفکیٹ فراہم کیا جاتا ہے۔ سی ای او پی آئی اے نے آڈٹ سے قبل تمام آپریشنل تحفظات کا تفصیلی دورہ کر کے آڈٹ کی تیاریوں سے متعلق تمام مینجمنٹ، ریپ سرو مزاور فلائیٹ سیفٹی کے سربراہوں کی بریفنگ

بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کی جانب سے حب شہر میں یوٹرنز کی بحالی کے لئے کیا گیا مطالبہ منظور

حب (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کی جانب سے حب شہر میں یوٹرنز کی بحالی کے لئے کیا گیا مطالبہ منظور، اسسٹنٹ کمشنر حب نے شہر میں دو یوٹرنز کی بحالی کی یقین دہانی کرا دی، جمعیت علماء اسلام نے یوٹرنز کی بحالی کے بعد آج ہونے والے احتجاج کی کال واپس لے لی، 7 ستمبر کو حب شہر میں ختم نبوت ریلی نکالی جائے گی تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام حب کے امیر مولانا شاہ محمد صدیقی نے حب پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

ندیم بابر کی اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے ملاقات، مجموعی صورتحال پر گفتگو

ملکی ترقی کا راز پارلیمنٹ کی مضبوطی میں مضمر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر

پارلیمان عوام کا نمائندہ ادارہ ہے اور ملکی مسائل کے حل کے لیے ایسی پالیسیاں وضع کر سکتا ہے، ملاقات میں بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے پیٹرولیم ندیم بابر نے اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے جمعہ کے روز ملاقات کی۔ ملاقات میں قانون سازی، ملک کی مجموعی معاشی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر اسد قیصر نے کہا کہ ملکی ترقی کا راز پارلیمنٹ کی مضبوطی میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان عوام کا نمائندہ ادارہ ہے اور ملکی مسائل کے حل کے لیے ایسی پالیسیاں وضع کر سکتا ہے جو ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں ہوں۔

طلباء ملک کے مستقبل کے معمار اور ملازمین حکومت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، جنگ علی مدد

بولان میڈیکل یونیورسٹی کا قیام اگرچہ ایک اچھا عمل تھا لیکن اس میں کئی پہلوؤں کو مدنظر نہیں رکھا گیا جسکی وجہ سے آج طلباء اور ملازمین دنوں سے سراپا احتجاج ہیں

بدقسمتی سے طلباء اور ملازمین دنوں سے بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں جو کہ صوبے کے مستقبل کے لئے نیک شگون نہیں، صوبائی صدر پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ طلباء ملک کے مستقبل کے معمار اور ملازمین حکومت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں ان دونوں کے بغیر ترقی کا سفر ادھورا ہے بدقسمتی سے طلباء اور ملازمین دنوں سے بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں جو کہ صوبے کے مستقبل کے لئے نیک شگون نہیں ہے صوبائی حکومت کو چاہیے کہ وہ تحریک بحالی بی ایم سی کے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

کوئٹہ قونصل جنرل اسلامی جمہوریہ ایران حسن درویشن وند کو کلیکٹر کسٹم کوئٹہ عبدالوحید مروت سٹیلڈ دے رہے ہیں

ریت اٹھانے کے معاملے پر بھائی کی فائرنگ کے نتیجے میں بہن جاں بحق، ایک خاتون زخمی

لاہور (این این آئی) تھانہ چونگ چوکی شیر شاہ کے علاقے بستی حیدر شاہ میں بازار میں چڑی ریت اٹھانے کے معاملے پر بھ